# بانجھ عورتوں اور بیٹے کی پیدائش کیلئے

(17) الحج (5) ............ وَ نُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰیٓ اَجَلٍ مُّسَمًّی ثُمَّ نُخْرِجُکُمْ طِفْلًا اور جسے ہم چاہتے ہیں ایک مقررہ مدت تک رحموں میں قرار بخشتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں اور (4) عمران (145) اور کوئی شخص اللہ جل جلالہ کے حکم کے بغیر نہیں مرسکتا اس کا (موت کا) وقت لکھا ہوا ہے ................ وَمَا کَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ کِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ......................

لہٰذا نہ تیری پیدائش تیرے اپنے اختیار میں ہے اور نہ تو اللہ جل جلالہ کی اجازت کے بغیر مرسکتا ہے پس سمجھ لے کہ تمام اختیارات تیرے رب عظیم جل جلالہ کے پاس ہیں۔ اپنے رب جل جلالہ کو قادر اور کریم جانتے ہوئے اپنے تمام معاملات اس کے ہی سپرد کردے۔ اللہ جل جلالہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات پر عمل کرلے۔

اللہ جل جلالہ نے آدمؑ کو بغیر ماں اور باپ کے اور اماں حواؑ کو آدمؑ کی پسلی سے پیدا کیا۔ اللہ جل جلالہ نے حضرت ادریسؑ کو بغیر موت دیئے آسمان پر اٹھالیا وہ واپس نہیں آئیں گے، عیسیٰ علیہ سلام کو بغیر باپ کے پیدا کیا۔ قیامت کے قریب دنیا میں آئیں گے اور وفات پائیں گے۔ روزہ رسول ﷺ میں ہی دفن کیئے جائیں گے۔ اللہ جل جلالہ ہر چیز پر قادر ہے پیدائش انسان کے بارے ارشاد باری تعالیٰ جل جلالہ ہے

(25) شوریٰ (49) لِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ یَھَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ ۙ اللہ جل جلالہ کیلئے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے جس کو چاہتا ہے بچیاں بخشتا ہے اور جس کو چاہتا ہے فرزند عطا فرماتا ہے۔

(50) اَوْ یُزَوِّجُھُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ اِنَّہٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ۝ یا انہیں بیٹے اور بیٹیاں ملا جلا کر دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے بانجھ بنا دیتا ہے۔

ان آیات میں چار چیزیں بیان کی گئی ہیں۔ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے۔

۱۔ بیٹیاں دیتا ہے۔ ۲۔ بیٹے دیتا ہے۔ ۳۔ ملے جلے دیتا ہے۔ ۴۔ بانجھ بنا دیتا ہے۔ اگر یقین کامل ہوجائے جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے تو آیت (25) شوریٰ (49) لِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ بطور وظیفہ 101 بار روزانہ پڑھے اور اپنی حاجت اللہ جل جلالہ کے پاس پیش کرے۔ اگر دو تین سال گزرنے پر بھی اولاد نہ پیدا ہو تو اسے فکر لگ جانی چاہیئے

کہ اولاد روپے پیسے یا طاقت سے ملنی والی چیز نہیں، ایک ہی چیز باقی رہ جاتی ہے کہ دونوں میاں بیوی آیات قرآنی اور اسما الحسنیٰ سے اللہ جل جلالہ کی مدد حاصل کریں۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ اولاد نہ ہونے کی صورت میں یا صرف بیٹیاں ہی پیدا ہونے پر بیوی ہی کو کوسا جاتا ہے۔ حالانکہ ڈاکٹری نقطۂ نظر سے زیادہ تر وجہ مرد کے جرثوموں کی کمی یا لڑکا نہ پیدا ہونے والے جرثوموں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ بہت ضروری ہے کہ مرد اور عورت اپنا ڈاکٹری علاج بھی کروائیں۔

مندرجہ ذیل آیات مرد نے پڑھنی ہے، عورت نے نہیں کیونکہ دعائیں نبیوں نے مانگیں جو مرد تھے۔

(17) انبیاء (89) رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ o 101 بار روزانہ

اے میرے رب جل جلالہ! مجھے اکیلا مت چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے (زکریا علیہ سلام کی دعا)

(3) عمران (38) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ج اِنَّكَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ o 101 بار روزانہ

اے رب جل جلالہ مجھے اپنے پاس سے ستھری اولاد دے۔ بیشک تو ہی دعا سننے والا ہے۔

(23) صفت (100) رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ o 101 بار روزانہ

اے میرے رب جل جلالہ! صالحین میں سے مجھے ایک فرزند عطا فرما۔ (ابراہیم علیہ سلام کی دعا)

حضرت صالح علیہ سلام سے ان کی قوم نے مطالبہ کیا کہ وہ تب تک ان پر اور ان کے رب جل جلالہ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک پہاڑ اونٹنی میں نہیں بدل جاتا۔ اونٹنی اتنا دودھ دے کہ وہ بھی پی لیں۔ اللہ جل جلالہ نے حضرت صالح علیہ سلام کی فریاد قبول فرمائی اور پہاڑ اونٹنی میں بدل گیا (سبحان اللہ)۔ یہ شان اللہ جل جلالہ کے نام گرامی یَا بَارِئُ ہی میں ہے۔ اگر کوئی عورت اس واقع کی گہرائی کو سامنے رکھے اور اللہ جل جلالہ سے فریاد کرے یا سر سجدے میں رکھ کر یَا بَارِئُ کا ذکر کرے تو انشاءاللہ وہ صاحب اولاد ہو جائے گی اگر مرد میں پیدائش کے جرثومے نہیں یا عورت میں نہیں یا دونوں میں نہیں تو کیا اللہ جل جلالہ جو پہاڑ میں جان ڈال کر اونٹنی میں بدل سکتا ہے، عورت کے پیٹ میں بچہ پیدا نہیں کر سکتا؟ یقیناً۔ وہ ہر چیز کر سکتا ہے۔

(24) مومن (68) وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے، پس جب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو صرف اسے اتنا فرماتا ہے کہ ہو جا تو وہ کام ہو جاتا ہے۔ هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ج فَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ o ع

یہ آیت 101 بار روزانہ پڑھی جائے

عورت کیلئے وظائف

12۔ یَا اَللّٰہُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ 500 بار روزانہ

(بیٹے کی پیدائش کیلئے) یَآ اَحَدُ یَا وَاحِدُ 313 بار روزانہ یَا مُبْدِیُٔ 101 بار روزانہ (پیٹ پر ہاتھ رکھ کر)

(۲۹) نوح (۱۲) وَّ یُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّ یَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْھٰرًاo ط اور وہ تمہاری اموال اور فرزندوں سے مدد فرمائے گا اور تمہارے لئے باغات بنادے گا اور تمہارے لئے نہریں بنادے گا۔ 101 بار روزانہ

جب میاں بیوی ملاپ کریں تو مرد یقین کرلے کہ اس کے منی ٹپکانے سے نہیں بلکہ اللہ جل جلالہ کے حکم سے ہی بچہ پیدا ہوگا۔ اور عورت تسلیم کرے کہ اللہ جل جلالہ ہی نے اس کے رحم کے اندر حمل کا قرار بخش دیا ہے۔ مرد کیلئے 101 بار روزانہ

(27) واقعہ (58) بھلا دیکھو تو جو منی تم ٹپکاتے ہو۔ اَفَرَءَیْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ o ط

(59) کیا تم اس کو (انسان بنا کر) پیدا کرتے ہو یا ہم پیدا کرنے والے ہیں۔ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَہٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَo عورت کیلئے 101 بار روزانہ

(17) الحج (5) ............ وَنُقِرُّ فِی الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓی اَجَلٍ مُّسَمًّی ثُمَّ نُخْرِجُکُمْ طِفْلًا اور جسے ہم چاہتے ہیں ایک مقررہ مدت تک رحموں میں قرار بخشتے ہیں پھر ہم تمہیں بچہ بنا کر نکالتے ہیں۔ عورت شکرانے کے طور پر 101 بار روزانہ

(9) اعراف (189) وہ خدا ہے جس نے تمہیں ایک نفس سے پیدا کیا اور اس سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ اس (جوڑے) سے اطمینان حاصل کرے پھر جب مرد عورت کو ڈھانپ لیتا ہے تو حاملہ ہوجاتی ہے ہلکے سے حمل سے پھر اس کے ساتھ چلتی پھرتی ہے...............

فَلَمَّا تَغَشّٰھَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِہٖ ج پڑھتی رہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر کرم کردیا ہے اور وہ یہ آیت 101 بار روزانہ پڑھتی رہے۔

(18) مومنون (14) فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَo ط پس بڑا بابرکت ہے اللہ جل جلالہ جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔ دونوں میاں بیوی 101 بار روزانہ پڑھا کریں۔

اولاد نہ ہونے کی صورت میں عورت تین روزے رکھے تو سب سے بہتر ہے، اس کیلئے 14 چھوہارے لئے جائیں سات مرد کیلئے ہیں اور سات عورت کیلئے۔ وظائف اور آیت قرآنی عورت کو ہر حالت میں پڑھنے کی ممانت نہیں ہے کیونکہ لعاب دہن اور زبان ہر حالت میں پاک ہیں صرف وہ قرآن پاک کی آیت کے مطابق قرآن کو چھو نہیں سکتی۔ آٹا گوندھ سکتی ہے، کھانا کھا سکتی ہے، دودھ پی سکتی ہے اور پھل کھا سکتی ہے وہ تو پلید نہیں ہوئے۔ تسبیح جو پلاسٹک یا لکڑی کی بنی ہوئی ہے وہ کیسے پلید ہوسکتی ہے؟ بہتر یہی ہے کہ عورت اپنے پیریڈز (Periods) کے بعد سات دن تک اپنے خاوند کے ساتھ ملاپ نہ کرے دونوں میاں بیوی ہر روز ایک ایک چھوہارا کھائیں۔ عورت

کیلیئے آٹھواں نواں دسواں دن پیدائش اولاد کیلیئے بہت بہتر ہے، ان دنوں حمل کے ٹھہرنے کا زیادہ موقع ہوتا ہے، اور یہ دن ان کے ملاپ کے ہیں۔

التماس ہے کہ اولاد کی خواہش مند عورتیں اپنے سونے والے کمرہ میں اپنی یا عورتوں کی تصویر نہ لگائیں اور گڑیوں سے اتنا پیار نہ کریں کہ گڑیاں ذہن کا حصہ بن جائیں اور نفسیاتی طور پر ہر بار لڑکی ہی پیدا ہو۔ تصویر لڑکی کی ہو یا لڑکے کی ان کا لگانا ہی حرام ہے۔

رب کریم جل جلالہ سے دوسرا قریب ترین ذریعہ اولاد مانگنے کا یہ ہے کہ رب کریم کو اس کے چاہنے والوں کا واسطہ دیا جائے، اللہ جل جلالہ نے یعقوب علیہ سلام کو 12 بیٹے عطا کیئے تو آپ رب کریم کو ان کے بیٹے دیئے جانے کا بھی واسطہ دے سکتے ہیں۔ سب سے قریب ترین واسطہ رب جل جلالہ سے مانگنے کا خاص دن 12 ربیع الاول کا ہے۔ جس رات کو رسول صلّی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے۔ اس رات رب کریم جل جلالہ نے لڑکا ہونا ہی نصیب کیا۔ سب سے بہتر ہے کہ 12 ربیع الاول کو خاص طور پر یا کسی اور دن بھی اس رات کا واسطہ دے کر دو نفل بندگی اللہ جل جلالہ پڑھے جائیں اور ہر رکعت میں ایک بار الحمد شریف اور 51 بار سورۃ اخلاص پڑھی جائے۔ نفل پڑھنے کے بعد اللہ جل جلالہ کی بارگاہ میں دل کی گہرائیوں سے التجا کی جائے ''اے رب کریم جل جلالہ تجھے اس رات کا واسطہ کے تو نے ہر گھر میں پیدا ہونے والے کو لڑکا ہی بنایا جس دن رسول ﷺ پیدا ہوئے مجھے بھی بیٹا ہی عطا فرما۔ آمین''

بہت سی گواہیاں مل چکی ہیں کہ جس نے بھی اس طریقہ سے دعا مانگی تو اللہ جل جلالہ نے نہ صرف اولاد دی بلکہ پہلا بیٹا ہی عطا کیا۔

عرض ہے کہ آپ اپنی بیٹیوں کو شادی کے موقع پر ان کی رخصتی سے پندرہ، بیس دن پہلے یہ سب دعائیں اور انداز تحریر سکھلا دیں جو لڑکی رخصتی کے دن **یا رءُوفُ** پڑھتے ہوئے نکلتی ہے اور نئے گھر میں یہی پڑھتے ہوئے داخل ہوتی ہے تو وہ ہمیشہ سسرال والوں کے درمیان با عزت زندگی گزارتی ہے۔ سب اس پر مہربان ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی عورت چاہتی ہے کہ اس کا خاوند کسی غیر عورت نوکرانی وغیرہ کو بری نگاہوں سے نہ دیکھے گنا ہوں، زنا، شراب سے بچا رہے تو وہ روزانہ 500 بار **یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ** کا وظیفہ کبھی بھی نہ چھوڑے۔

**التجا گو: رانا ذوالفقار علی**

خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ

موبائل: 0321-6147630 - 0300-9612209

Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.

Al-Syed & AS Printers Tel: 052-4589888

# حدیث قدسیہ (مفہوم)

## اللہ جل جلالہ فرماتا ہے

ایک میری چاہت ہے — اور ایک تیری چاہت ہے

ہوگا تو وہی جو میری چاہت ہے — پس اگر تو نے سپرد کر دیا اپنے آپ کو

اس کے جو میری چاہت ہے — تو وہ بھی میں تجھے دوں گا

جو تیری چاہت ہے — اگر تو نے مخالفت کی اس کی

جو میری چاہت ہے — تو میں تھکا دوں گا تجھ کو اس میں

جو تیری چاہت ہے — پھر وہی ہوگا جو میری چاہت ہے


آب شفاء (صفحہ 2,1) — آیات شفاء (صفحہ 4,3)

روحانی محفل (صفحہ 6,5) — الحمد شریف (صفحہ 7)

سورۃ یٰسین (صفحہ 8) — کُن فیکون (صفحہ 9)

سجدہ فقیری (صفحہ 10)


## تمام مسائل کا حل آیات قرآنی اور اسمائے الٰہی سے

**ہدیہ دعائے خیر**

# امت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

اے اللہ! میں تجھ ہی سے تجھ کو تیرے رسول ﷺ کو اور دعاؤں کی قبولیت، ہمیشہ ہمیشہ کیلئے مانگتا ہوں۔ عطا فرما آمین

# آبِ شفاء خیر و بَرکت

ہر تکلیف، دکھ، درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ، بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

① برتن میں پانی ڈالیں اور مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک کر اپنے جسم کو مساج کریں اور پانی پر پھونک ماریں ضرورت کے مطابق پانی ڈالیں اور تین گھونٹ میں پانی پیئیں اس پانی میں کوئی دوسرا پانی نہیں ڈالنا، بلکہ ختم ہونے پر نیا پانی تیار کریں انشاء اللہ پریشانی، ذہانت، رزق کی کمی کیلئے تعویز دھاگہ، آسیب، نحوست کے خاتمہ اور صحت و تندرستی کیلئے مفید ہے۔

3 بار ✹ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

3 بار ✹ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

3 بار ✹ درود پاک (ابراہیمی)

3 بار ✹ آیت الکرسی

ہر ایک میں سات بار وَلَا یَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

11 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ تین مرتبہ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ، 3 مرتبہ الحمد شریف

11 مرتبہ درود و سلام اور برکت (لامحدود)

## ② 21 دن کیلئے رات کے وقت

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اول آخر 3 بار درود پاک (درود ابرہیمی)

21 مرتبہ سورۃ الفلق 21 مرتبہ سورۃ والناس

دن کے وقت یہی دونوں سورتیں کثرت سے پڑھیں کہ نہ لب ہلیں اور نہ زبان ہلے۔

21 دن کے اندر خواب میں اسم الٰہی
اسم محمد ﷺ اور آیت قرآنی کا ملنا ↕ 1۔تحریر 2۔آواز 3۔ولی کامل کی صورت میں

یہی آپکا PASSWORD ہے۔ پرانے زمانے میں اسے اسم اعظم کہتے تھے۔

دن کے وقت یہی کلمات دل میں پڑھتے رہیں۔ نہ لب ہلیں اور نہ زبان دن کا پڑھا ہوا شمار نہیں ہوگا۔ صرف رات کا پڑھا ہوا شمار ہوگا۔

اللہ جل جلالہ یا رسول اللہ ﷺ کے نام ہوں تو رات کو 1100 بار روزانہ درود پاک اول و آخر 11 بار درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور 3 ماہ 25 دن میں سوا لاکھ پورا کریں۔ قرآن کی چھوٹی سورتیں ہوں تو روزانہ 101 بار اور بڑی ہوں تو تعداد میں کم پڑھیں۔

## ③ درودوسلام اور برکت (لامحدود)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِکُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ دَائِمًا اَبَدًا ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلیۓ اتنی تعداد میں درودوسلام برکت بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے۔313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے۔کیونکہ یہ درودوسلام اور برکت لامحدود ہے۔

4۔ 200 دفعہ پہلا کلمہ صبح اٹھنے کے بعد اور 200 دفعہ پہلا کلمہ سونے سے پہلے پڑھا کریں۔

5۔ گھر سے نکلنے پر ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھ لیں جب تک آپ گھر نہیں آتے 70 ہزار فرشتے آپ کے لیئے اللہ جل شانہ سے رحمت اور مغفرت مانگتے رہیں گے اس طرح جب گھر میں داخل ہوں تو ایک دفعہ آیت الکرسی پڑھیں تو (70) ہزار فرشتے آپ کے لیئے رحمت اور مغفرت اس وقت تک مانگتے رہیں گے جب تک آپ گھر سے باہر نہیں نکل جاتے۔

6۔ رات کے کسی ایک وقت میں ایک بار اسم محمد ﷺ کہہ کر 500 بار صلی اللہ علیہ وسلم کہیئے۔ نبی کریم ﷺ کی طرف سے 500 دفعہ درود اور 500 دفعہ سلام میں جواب ملتا ہے۔ 10000 نیکیاں ملتی ہیں 10000 گناہ گھٹائے جاتے ہیں اور 10000 درجے بلند کیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ 5000 دفعہ بندہ پر درود کی وجہ سے رحمت فرماتا ہے اور 5000 سلام کی وجہ سے سلامتی فرماتا ہے ۔ کیا اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا ایک بار رحمت فرمانا اور ایک بار سلامتی فرمانا کافی نہیں۔اور جتنا زیادہ کوئی درودوسلام پڑھ لے تو اس پڑھنے پر کوئی پابندی نہیں۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ کے خزانے کبھی ختم ہونے والے نہیں۔

7۔آدمی فجر کی نماز پڑھ کر اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ○ سات مرتبہ کہتا ہے تو اگر وہ مغرب تک مرگیا تو وہ جنتی ہے۔اور اگر مغرب کی نماز پڑھ کر سات دفعہ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ○ کہتا ہے تو فجر تک مرگیا تو وہ جنتی ہے۔

# ① سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآاِلٰهَ اِلَّا للّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۝

سُبْحَانَ اللّٰهِ سے بڑھ کر پاکی کا کوئی بیان نہیں — اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سے بڑھ کر کوئی تعریف نہیں

لَآاِلٰهَ اِلَّا للّٰهُ سے بڑھ کر کوئی ذکر نہیں — اَللّٰهُ اَكْبَرُ سے بڑھ کر کوئی بلندی نہیں

ان چاروں کلموں میں اسم اللہ جل جلالہ ہے اور

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآاِلٰهَ اِلَّا للّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۝

نمازِ تسبیح میں ہی پڑھے جاتے ہیں، نبی کریم ﷺ نے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآاِلٰهَ اِلَّا للّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۝

کو جنت کا میوا کہا ہے، یہ جنت میں ہی ملے گا دوزخ میں نہیں، لہٰذا جو پڑھتا رہے گا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآاِلٰهَ اِلَّا للّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۝

اس کو اس وقت تک موت نہیں آئے گی جب تک کہ وہ بخش نہیں دیا جاتا

# ② برائے صدق و رزق و سلامتی

دُمیری رحمتہ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جو شخص چاہے کہ،

۱۔ صدق فی القول کی عادت پڑے تو وہ سورۃ القدر ہمیشہ پڑھتا ہی رہے

۲۔ اگر چاہے کہ رزق بارش کی طرح برسے تو سورۃ الفلق ہمیشہ پڑھتا ہی رہے

۳۔ اگر لوگوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہے تو سورۃ الناس ہمیشہ پڑھا کرے۔

۴۔ اگر طلب خیر و رزق و برکت کا خواہاں ہو تو

بِسمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الْمَلِکَ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ، هُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ

اور سورۃ یٰسین اور سورۃ واقعہ پڑھا کرے رزق بارش کی طرح برسے گا۔

۵۔ اگر چاہے کہ حق تعالیٰ ہر غم سے نجات ہر ضیق سے آزادی اور رزق بے گماں عطا فرمائیں تو استغفار کو لازم قرار دے۔

۶۔ اور اگر چاہے کہ خوف و نزع سے امن میں رہے تو یوں کہے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآ مَّا تِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَا بِهٖ وَ شَرِّ عِبَا دِهٖ وَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

مشکوۃ شریف (2348)

حضرت عمرو ابن شعیبؓ

# آیات شفا ③

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

**درود ابراھیمی ﴿تین بار﴾**

مندرجہ ذیل آیات ہر ایک تین بار

(10) توبہ (14) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ○ ﴿پ۱۰ رکوع 7﴾

(11) یونس (57) وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ○ هُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ○ ﴿پ۱۱ رکوع ۶﴾

(14) نحل (69) یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ﴿پ۱۴ رکوع 15﴾

(15) بنی اسرائیل (82) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ وَ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿پ۱۵ رکوع ۹﴾

(19) شعراء (80) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ○ ﴿پ۱۹ رکوع ۵﴾

(24) حم السجدہ (44) قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّ شِفَآءٌ ﴿پ۲۴ رکوع 18﴾

**الحمد شریف ایک بار بمعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ**

ان آیات کو پڑھ کر مریض اپنے آپ پر اور پانی پر پھونکیں

اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے یہ پانی ہر مرض کے لئے نافع ہے۔

# روحانی محفل اور علاج

صرف تین دن کے لیئے۔ وقت ہر محفل تقریباً $1\frac{1}{4}$ گھنٹے۔

:- سورت یٰسین ایک بار (صفحہ نمبر 8 کے مطابق)

سورت فلق اور سورت والناس بار بار پڑھیں ،اس کا پڑھنا ہر مسئلے کا حل ہے کیونکہ جب اللہ جل جلالہ پناہ دے دے تو کوئی چیز باقی نہیں رہتی زندگی میں کوئی بھی کام کرنا ہو یا بچے بچی کا فیصلہ کرنا ہو اور اگر کر بھی لیا تو اس کی خیر و برکت کے لیئے روحانی محفل کریں جب 20 منٹ باقی رہ جائیں تو بلند آواز سے سب مل کر 12 منٹ کے لئے

صلی اللہ علیہ وسلم پڑھیں اور باقی وقت میں آب شفاء بمطابق صفحہ نمبر 1 پڑھیں

**اس کے بعد ہر مسئلے کی نوعیت کے مطابق دوسری یا تیسری محفل کریں**

1 - نگہبانی اور حفاظت کیلیئے۔ **یَا مُهَيْمِنُ يَا حَفِيْظُ** (500 بار روزانہ)

۲ - قضائے حاجت محتاجی سے چھٹکارا، دشمن پر غلبہ، جادو ٹونے سے نجات اور انٹرویو اور زندگی میں کامیابی کیلیئے۔

**يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ** اے طاقتور اے غالب (500 بار روزانہ)

۳ - دل کے مرض کے لیئے:- **اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ** - (101 یا 313 بار روزانہ) (2 بقرہ 156)

۴ - شوگر کے مرض کے لیئے :- **سَلٰمٌ، قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ** ○ (101 یا 313 بار روزانہ) (23، سورۃ یٰسین، 58)

۵ - دشمنوں سے بچاؤ کے لیئے اور کینسر کیلیئے :- **قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ** ۙ (21، سورۃ انبیاء، آیت نمبر 69) (101 یا 313 بار روزانہ)

۶ - ہر حاجت اور ہر طلب کیلیئے:- **اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ**
**اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَحِيْمُ** (101 بار روزانہ)

۷ - مصیبت کو ٹالنے کے لیئے :- **فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا** ۙ (101 یا 313 بار روزانہ) (30، سورۃ الم نشرح، 5،6)

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک ماریں، پانی پر بھی تین بار پھونک ماریں، جس جس گھر میں رہتے ہیں اس کی طرف خیر و برکت کے لیئے تین پھونکیں ماریں اور کاروبار کے لیئے دوکان یا کارخانہ یا ملازمت والی جگہ کی طرف تین پھونکیں ماریں۔ دم کیئے ہوئے پانی سے تھوڑا پانی لیں گھر کی چھت پر چاروں کونوں میں پانی ڈالیں آسمانی بلائیں دور ہو جائیں گی، گھر کی دیواروں پر دم کیا ہوا پانی چھنکیں گھر کے اندر تعویز دھاگہ نحوست کالا جادو ختم ہو جائے گا، انشاء اللہ۔ باقی پانی پینے کے لیئے ہے اس سے جسمانی شفاء اور روحانی علاج ہو جائے گا، دوسرے مسائل کے لیئے پڑھائی کے بارے پوچھ سکتے ہیں۔ ہر مریض کو چاہیئے کہ وہ اپنی بیماری یا حاجت روائی کے لیئے وظیفہ 313 بار اول و آخر 3 بار درُود پاک ابراھیمی کے ساتھ ہر روز پڑھا کریں۔ طلباء و طالبات تعلیمی کامیابی کیلیئے **يَا فَتَّاحُ يَا عَزِيْزُ يَا حَكِيْمُ** کا وظیفہ 101 یا 313 بار روزانہ کیا کریں۔

1۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ؕ (101 یا 313 بار روزانہ)

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے، سب سے ہلکی بیماری رنج وغم وفکرو پریشانی ہے۔

2۔ هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ؕ 27 الحدید ③

غیر اللہ کی محبت دور ہوگی باطنی اسرار ظاہر ہوں گے اور قلب میں انس و محبت الٰہی پیدا ہوگا اور تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

3۔ یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ روزانہ 313 بار یا 500 بار پڑھیں

نیکی میں بڑھنے، ہر برائی سے رکنے کیلئے، نفس پر قابو پانے کیلئے، جس مقصد کیلئے پڑھا جائے پورا ہو۔

4۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ روزانہ 1100 بار پڑھنے سے اسرار الٰہی کھلتے ہیں یہ استخارے کیلئے بھی ہے۔

5۔ عذاب قبر سے محفوظ رہنے کیلئے۔ یَا بَارِئُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ؕ روزانہ 1100 بار پڑھا جائے

6۔ یَا اَللّٰہُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ (یہ عورت کیلئے ہے) روزانہ 500 بار (اولاد کیلئے)

اور اس کا خاوند 101 بار روزانہ 17-انبیاء (89) رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ پڑھے گا

اے میرے رب جل جلالہ مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو بھی سب سے اچھا وارث ہے۔

7۔ قیامت کے دن گندی فلم کے چلنے سے بچنے کیلئے

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ 1100 بار روزانہ پڑھیں

8۔ گھر میں اور باہر عزت پانے کیلئے۔ روزانہ 101 بار

(2) بقرہ (165) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰہِ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ پڑھیں

اور کچھ لوگ وہ ہیں جو اوروں کو اللہ جل جلالہ کا مدمقابل بناتے ہیں، ان سے محبت کرتے ہیں جیسے اللہ جل جلالہ سے محبت کرنا چاہیئے

اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ جل جلالہ سے محبت کرتے ہیں۔

9۔ تقدیر بدلوانے کیلئے۔ روزانہ 500 بار

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ یَا قَادِرُ یَا كَرِیْمُ پڑھیں

10۔ فقر و فاقہ محتاجی اور حاجت روائی کے لئے روزانہ 1100 بار

یَا وَهَّابُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پڑھیں

11۔ اسرار الٰہی کیلئے روزانہ 1100 بار اَللّٰہُ الصَّمَدُ پڑھیں

دن کے وقت زیادہ سے زیادہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ بغیر زبان ہلائے دل کے اندر پڑھنا ضروری ہے

12۔ علم وحکمت کیلئے اور اسرار الٰہی کیلئے روزانہ 1100 بار یَا عَلِیْمُ یَا حَكِیْمُ پڑھیں

دن کے وقت زیادہ سے زیادہ یَا عَلِیْمُ یَا حَكِیْمُ بغیر زبان ہلائے دل کے اندر پڑھنا ضروری ہے

13۔ کفالت، توکل اور رزق کی کشادگی کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ؕ (101 یا 313 بار روزانہ)

نوٹ:۔ جو بھی وظیفہ کے طور پر پڑھا جائے اسے دن کے وقت کثرت سے بغیر زبان ہلائے پڑھنا ضروری ہے۔

# الحمد شریف

14۔سورۃ الحجر (87) اور بیشک ہم نے (آپ ﷺ کو) سات آیتیں بار بار دہرائی جانے والی اور قرآن عظیم عطا فرمایا ہے۔ الحمد شریف کی سات آیتیں ہیں، پہلی آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے، پورے قرآن کی طاقت الحمد شریف میں ہے، قرآن پاک کی سات منزلیں ہیں۔

جب الحمد شریف پڑھ لیتے ہیں تو پورے قرآن، حج اور عمرہ کا ثواب ملتا ہے، بغیر الحمد شریف کے کوئی نماز نہیں، صبح سے شام تک 48 رکعت ہیں۔اسطرح نماز پڑھنے والے کیلئے یہ 48 حج، 48 عمرے اور 48 قرآن ختم کرنے کا ثواب ہے جمعہ کے دن جو عمل کیا جاتا ہے اس کا ثواب 10 گنا ہے۔جمعہ کے دن کم سے کم 50 رکعت ہیں اسطرح 500 حجوں کا، 500 عمروں کا اور 500 قرآن ختم کرنے کا ثواب ملتا ہے اور جو عمل رمضان المبارک میں کرتے ہیں اس کا ثواب 70 گنا زیادہ ہے جو جمعے رمضان المبارک میں پڑھے جائیں گے ان کا ثواب 70 گنا کے حساب سے کم 280 جمعوں کے برابر ہوگا، لوگ تراویح کے بارے سوال کرتے ہیں کہ روزانہ 8 پڑھے یا 20 اس کا خود فیصلہ کریں اگر روزانہ 8 پڑھیں تو 560 نفلوں کا ثواب اگر 20 پڑھیں تو 1400 کا ثواب، ایک ماہ میں کم سے کم 16800 نفلوں کا یا 42000 نفلوں کا ثواب ہے۔جو طاقت الحمد شریف میں ہے وہ ساری کی ساری بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں ہے، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے 19 حروف ہیں اور دوزخ پر خاص فرشتے بھی 19 ہیں جس نے پوری زندگی میں سوا لاکھ بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ لیا اس پر دوزخ کی آگ حرام کردی گئی، اس میں اللہ جل جلالہ کے 3 ناموں کی خاص برکت ہے ،اللہ جل جلالہ، رحمٰن جل جلالہ، رحیم جل جلالہ اور یہی تینوں نام اللہ جل جلالہ کے "99" میں بالترتیب شروع میں آرہے ہیں۔جو تین اسمائے الٰہی **یَااَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ** پڑھتا رہے گا اس کی بننے والی فلم سے گندگی کو ختم کردیا جائے گا، الحمد شریف سے بڑھ کر کوئی اور دعا نہیں ہے جو 21 بار الحمد شریف پڑھتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے، اور مشکلیں حل کردی جاتی ہیں، اس میں اصل راز یہ ہے نبی کریم ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ جب بندہ کہتا ہے، **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** تو اللہ جل جلالہ بندہ سے فرماتا ہے۔ جو تو نے مانگا دے دیا گیا ہے۔جب بندہ 21 بار الحمد شریف پڑھتا ہے تو اسے 21 بار یہی جواب ملتا ہے، اے بندہ جو تو نے مانگا دے دیا گیا کیا اللہ جل جلالہ کا ایک بار کہہ دینا ہی کافی نہیں ؟ اگر آپ نے سونے سے پہلے اول آخر تین بار درود پاک

**اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَااَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ**
**101 مرتبہ**
**اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ**

**وظیفہ نہ چھوڑا تو تین پاور مل جاتی ہیں**

1۔ جو مانگو دے دیا جاتا ہے۔ 2۔ جو دل میں بات آتی ہے پوری ہو جاتی ہے۔ 3۔مانگنے سے پہلے اور دل میں آنے سے پہلے دیا جاتا ہے یعنی کے کرامات کی طاقت مل جاتی ہے کرامت وہ چیز ہے جو کہ نہ تو مانگی جاتی ہے اور نہ ہی اس کا دل میں خیال کیا جاتا ہے، آپ سے التماس ہے کہ الحمد شریف کے پڑھنے کو ذریعہ نجات بنائیں اور نماز نہ چھوڑیں اور حاجت روائی کیلئے سنتوں اور نفلوں کے درمیانی وقفے میں 41 بار الحمد شریف پڑھیں، انشاء اللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہوگی۔جن بچیوں کی شادی نہیں ہوتی یا شادیوں میں رکاوٹ آتی ہے یا وہ بندے جن کا کوئی کام نہیں ہوتا یا ملک سے باہر جانے میں رکاوٹ آجاتی ہے یا ویزہ نہیں لگتا۔تو ان کا بھی یہی وظیفہ ہے۔

# سورۃ یٰسین کے تین راز

قرآن پاک کے پڑھنے سے ہدائیت، شفا نور، رحمت، حکمت، اھد نصراط المستقیم، پاکیزگی، نجات اور بخشش ملتی ہیں۔ اس لئے اسے پڑھتے ہوئے تفکر سے کام لیں، درود پاک پڑھنے سے دعائیں قبول ہوتی ہیں، بہتر یہی ہے کہ کسی سورۃ کو کسی مقصد کیلئے اوّل و آخر درود پاک کے ساتھ پڑھا جاوے لیکن یہ شرط نہیں کیونکہ یہ کلام پاک ہے، سورۃ یٰسین جو ہر روز پڑھتا ہے انشاء اللہ وہ نزاع میں مکمل طور پر جنت کو دیکھے گا۔ یہ سورۃ قرآن کا دل ہے اور سَلٰمٌ ۚ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ سورۃ یٰسین کا دل ہے، جو کلام پاک کو نہیں پڑھ سکتا تو وہ یہ سلامتی کی تسبیح پڑھتا رہے انشاء اللہ خاتمہ بالخیر ہوگا اگر کسی آئیت کا تکرار کیا جائے تو اس کا مقصد ذات باری تعالیٰ جل جلالہ سے اس کی کیفیت سے مستفید ہونا ہے اس سورۃ کے تین راز ہیں۔

## 1۔ سلامتی:

سَلٰمٌ ۚ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ (۵۸) تم پر سلامتی ہو یہ کہنا ہے رب رحیم کا

یہ اللہ جل جلالہ ہی ہے جو تمہاری دنیا میں، نزاع میں، قبر میں قیامت کے دن اور بعد میں جاری ہونے والے عالم کے لئے سلامتی فرما سکتا ہے یہ تسبیح عرش الٰہی کے نیچے اٹھنے والوں کے لئے ہے۔ یہ اللہ جل جلالہ کے عاشقوں کی تسبیح ہے جو اس سے اس کا دیدار مانگتے ہیں یہ ہر بیماری کے لئے شفاء ہے بالخصوص شوگر کے مریضوں کے لئے اسے سورۃ یٰسین کے اندر گیارہ بار پڑھیں۔

## 2۔ حاجت روائی:

اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡـًٔا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ (۸۲)

بیشک اللہ جل جلالہ جب کسی کام کے کرنے کا ارادہ فرماتا ہے تو اسے حکم دیتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے اس آئیت کو سات بار دھرائیں کہ اللہ جل جلالہ شانہ جو تو نے کُن کہہ کر آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے جسے کوئی کُن نہیں سکتا بنا دیا تو میرے لئے بھی کُن کہہ دے تاکہ میری بھی حاجت روائی ہو جاوے، آمین

## 3۔ دنیا سے واپسی پر رحم و کرم کا مانگنا:

فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَیۡءٍ وَّاِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ (۸۳)

پس پاک ذات ہے وہ جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی حکومت ہے اور اا سی کی طرف تمہیں لوٹنا ہے اس کو تین بار اس یقین کے ساتھ پڑھے کہ تیری واپسی اللہ جلالہ ہی کی طرف ہے اور دل سے التجا کرے کہ اے اللہ جل جلالہ دنیا سے واپسی پر رحم و کرم فرمانا اپنے جسم پر تین پھونکیں ماریں اور پانی پر بھی تین پھونکیں ماریں یہ پانی ہر قسم کی شفاء کے لئے ہے۔

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم  بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

# کُن فَیَکُون

## مندرجہ ذیل پڑھیں

1۔ البقرہ ۱۱۷
آسمانوں اور زمین کا موجد ہے جب کسی کام کا ارادہ فرماتا ہے تو صرف اسے اتنا حکم دیتا ہے کہ ہوجا تو وہ ہوجاتا ہے۔

2۔ العمران ۴۷
مریم علیہ السلام بولیں، اے میرے پروردگار میرے ہاں کیونکر بچہ ہوسکتا ہے حالانکہ مجھے کسی انسان نے ہاتھ تک نہیں لگایا۔
فرمایا بات یوں ہی ہے، اللہ جل جلالہٗ جو چاہتا ہے پیدا فرماتا ہے، جب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے بس اتنا ہی کہتا ہے ہوجا اور وہ فوراً ہوجاتا ہے۔

۵۹ بیشک عیسیٰ علیہ السلام کی مثال اللہ جل جلالہٗ کے نزدیک آدم علیہ السلام کی مانند ہے، اسے مٹی سے بنایا پھر اسے فرمایا ہوجا تو وہ ہوگیا۔

5۔ النساء ۴۷
وَ کَانَ اَمْرُاللّٰہِ مَفْعُوْلًا ۝ اور اللہ جل جلالہٗ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے۔

7۔ انعام ۷۳
اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا فرمایا اور جس روز کہے گا کہ تو ہوجا تو بس وہ ہوجائیگا، اس کا فرمان حق ہے اور اسی کی حکومت ہوگی جس دن صور پھونکا جائیگا ہر چھپی چیز کا اور ظاہر چیز کا جاننے والا ہے، اور وہی حکمت والا ہے سب کچھ جاننے والا ہے۔

14۔ نحل ۴۰
جب ہم کسی چیز کیلئے (اسکے پیدا کرنے کا) ارادہ کرتے ہیں ہمارا فرمان صرف اتنا ہے کہ ہم اسے حکم دیتے ہیں کہ ہوجا وہ ہوجاتی ہے۔

16۔ مریم ۳۵
یہ اللہ جل جلالہٗ کیلئے زیبا نہیں کہ وہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے، وہ پاک ہے جب کسی کام کا فیصلہ فرما دیتا ہے تو بس صرف اس کیلئے اتنا حکم دیتا ہے کہ ہوجا تو وہ کام ہوجاتا ہے۔

17۔ النبیاء ۶۹ قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ہم نے آگ سے کہا کہ وہ ٹھنڈی ہوجا سلامتی والی ابراہیم علیہ السلام پر۔

23۔ یٰسین ۸۱ کیا وہ (قادر مطلق) قدرت نہیں رکھتا کہ ان جیسی (چھوٹی موٹی) مخلوق پیدا کرسکے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا بیشک وہی سب کچھ پیدا فرمانے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔

۸۲ جب وہ کسی چیز کا ارادہ فرماتا ہے تو اس کا حکم اتنا ہی ہے، وہ اس کو فرماتا ہے ہوجا پس وہ ہوجاتی ہے۔

24۔ مومن ۶۸ وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے پس جب کسی کام کا فیصلہ فرماتا ہے تو اسے صرف اتنا فرماتا ہے ہوجا تو وہ کام ہوجاتا ہے۔

27۔ قمر ۵۰ وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَۃٌ کَلَمْحٍ بِالْبَصَرِ ۝ اور ہمارا حکم نہیں ہوتا مگر ایک بار جو آنکھ جھپکنے میں واقع ہوجاتا ہے۔

اب آیت اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝ 101 بار پڑھ کر جو بھی دعا مانگیں وہ انشاءاللہ پوری ہوگی۔

# سجدہ فقیری

اللہ جل جلالہ سے مانگنے والا فقیر رات کے ایک بجے کے بعد نہیں سوتا۔ وہ اپنی کمر زمین پر نہیں لگاتا ستاروں کو دیکھتا رہتا ہے فجر سے بہت پہلے ستارے ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتے ہیں جب موسم انتہائی معتدل ہو جاتا ہے گرمیوں میں اس وقت گرمی کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ سردیوں میں سردی کا احساس نہیں ہوتا معلوم ایسے ہوتا ہے کہ ساری کائنات سمٹ گئی ہے یہی وقت ہے کہ فقیر اللہ جل جلالہ سے صدا لگاتا ہے۔ "سوہنیا ربا سوہنا وقت آیا اے کر کرم نوازیاں" ہر فقیر کے مانگنے کے اپنے اپنے الفاظ ہیں اس وقت جو کچھ مانگا جاتا ہے تو اسے دے دیا جاتا ہے یہی وقت قبولیت کا ہے اس وقت کا مانگا ہوا کبھی واپس نہیں لوٹایا جاتا و یسے بھی جو کچھ سجدے میں مانگا جاتا ہے قبول کیا جاتا ہے آپ بھی اس وقت ایک سجدہ کر کے اللہ جل جلالہ سے اپنی حاجت کو پورا کروا سکتے ہیں اور جس نے بھی اس طرح سے مانگا ہے تو اس کو دیا گیا ہے۔

لوگوں نے اس طرح سے پاکستان میں مانگا تو ان کو نتیجہ ہزاروں میل دور رہنے والوں کو مل گیا۔ کئی مریضوں کے آپریشن ہونے تھے لیکن ایک سجدہ میں مانگنے سے مریض مرض سے نجات پا گیا۔ کسی طرح بھی حاجت روائی نہ ہوئی تو ایک سجدہ سے حاجت روائی ہوگئی طریقہ یہ ہے اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلے جائیں اور پڑھیں۔

1۔ سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی 7 مرتبہ۔ 2۔ اِنَّهٗ سَمِیۡعٌ قَرِیۡبٌ ٥ 11 مرتبہ (سورت سبا آیت نمبر 50)

3۔ لَبَّیۡکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیۡکَ 11 مرتبہ اور سجدہ میں ہی اپنی حاجت مانگ لیں۔

## سجدہ فقیری کا وقت اور وجہ قبولیت

اہلسنت کی مسجد میں جتنے بجے جماعت نماز فجر کیلئے کھڑی ہوتی ہے اس سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے جب راتیں چھوٹی ہوں اور دو گھنٹہ پہلے جب راتیں بڑی ہوں اور یہ وہ وقت ہے جب اللہ جل جلالہ پہلے آسمان سے اپنی مخلوق سے ہم کلام ہوتا ہے۔

حدیث کا بیان اسطرح ہے۔

ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں، ہے کوئی بیمار کہ میں اسے شفاء دوں، ہے کوئی رزق کا مارا ہوا کہ اسے رزق دوں، ہے کوئی معافی مانگنے والا کہ میں اسے معاف کروں، ہے کوئی پریشان حال کہ میں اسکی پریشانی دور کروں، ہے کوئی حاجت مانگنے والا کہ اسکی حاجت پوری کروں۔ اور یہ سلسلہ اللہ جل جلالہ کی ندا کا فجر کی نماز سے پہلے ختم ہو جاتا ہے یقیناً جو کوئی بھی اللہ جل جلالہ کی ندا میں آجائے گا اسکی حاجت روائی ہو جائے گی فقیر اس وقت مانگنے سے غفلت نہیں کرتا آپ سے درخواست ہے کہ اللہ جل جلالہ سے مانگنے والے فقیر بن جاویں۔ سجدے میں مانگنے میں دوسرا راز یہ ہے کہ اللہ جل جلالہ بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے اور تیسرا راز یہ ہے کہ جو سجدہ میں پڑھا گیا یہ انتہائی اعلیٰ اور قرابت کا ذریعہ ہے۔

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡاَعۡلٰی کہہ کر تعریف کی اِنَّهٗ سَمِیۡعٌ قَرِیۡبٌ کہہ کر قرب حاصل کیا اور لَبَّیۡکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیۡکَ کہہ کر حاضری لگوائی اور سجدہ میں دعا کی تو منظوری کا ذریعہ بن گیا۔

اللہ اکبر کہہ کر بیٹھ جاویں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائیں اور الحمد شریف پڑھ کر وہی دعا مانگیں جو سجدہ میں مانگی تھی یاد رکھیں کہ الحمد شریف کی پہلی آیت بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہے اس کے بغیر کبھی بھی الحمد شریف نہ پڑھا کریں ویسے بھی جو کیس بار الحمد شریف پڑھتا ہے اسکی حاجت روائی ہو جاتی ہے۔ اس کا راز اس بات میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بیان کیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ تو اللہ جل جلالہ فرماتا ہے کہ اے بندے جو تو نے مانگا دے دیا گیا یہاں نتیجہ اللہ جل جلالہ پر چھوڑ دینا چاہیئے کیونکہ وہ جو کچھ بھی دے گا وہ، وہ ہوگا جو تیرے لیئے بہتر ہے۔

التماس ہے کہ جب کسی طریقہ سے بھی دعائیں قبول نہ ہو رہی ہوں تو اللہ جل جلالہ کو یہی سجدہ کریں اور اپنی مرادیں پائیں۔ انشاء اللہ دعائیں قبول ہوں گی۔

**نوٹ:** مندرجہ بالا وظائف کے پڑھنے کیلئے کسی اجازت کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ یہ کلام الٰہی ہے۔

## محفل سورت یاسین اور درود پاک

( آیات قرآنی اور اسم الٰہی جل شانہ سے مسائل کا حل بتایا جاتا ہے )

1- نبیلہ ماڈل سکول بھیلو مہار تحصیل ڈسکہ ہر ماہ کی آخری سوموار تاریخ صبح کو پانچ لاکھ ستر مرتبہ درود شریف پڑھا جاتا ہے اور اس کے بعد دعا کی جاتی ہے۔ فون: 04341-615160

2 - حاجی محمد بوٹا، چک کھینہ، ڈاکخانہ بھوپالوالہ، تحصیل سمبڑیال، ضلع سیالکوٹ محفل ہر ماہ کی آخری **سوموار** کو ہوتی ہے عصر سے مغرب تک
فون: 052-500818
موبائل: 0321-7129364

3- زیر سرپرستی: **میاں رضوان محمود** الصفہ کیڈٹ کالج ساہووالہ میں درود و سلام کی محفل ہر ماہ کی 5 تاریخ بوقت 3:00 بجے بعد دوپہر کو ہوتی ہے
فون رہائش: 052-3510883
موبائل: 0345-6772005

4- ہر ماہ کی تیسری سوموار ظہر سے عصر۔ مکان مغربی محلہ، نزد امام بارگاہ کپوروالی، ائیر پورٹ روڈ اڈہ کپوروالی
**محمد رفیق منہاس**، فون: 052-3224810 موبائل: 0302-6323173

ہر ماہ کی آخری جمعرات، عصر سے مغرب، برلاس سٹریٹ، گلی الشفاء ہسپتال، کشمیر روڈ، پکا گڑھا، سیالکوٹ (نزد جیون ہوٹل)

5- رہائش **رانا ذوالفقار علی**، موبائل: 0300-9612209 , 0321-6147630

**محفل میں سورۃ یٰسین اور درود و سلام و برکت لامحدود پڑھا جاتا ہے اور بعد میں دعا ہوتی ہے**

التجا گو **رانا ذوالفقار علی** خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)

ایڈریس: رانا ہاؤس، رانا سٹریٹ، عقب PSO بالمقابل گلیکسی ہوٹل، کشمیر روڈ پکا گڑھا سیالکوٹ

موبائل: 0300-9612209 - 0321-6147630

**Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.**

مطبع: السید پیپرز اینڈ پرنٹرز، 44 بیسمنٹ سیٹھی پلازہ چوک علامہ اقبال سیالکوٹ۔ فون: 4589888

کمپوزڈ بائی شکیب میر موبائل 0333-8609103 , 0321-6112050

# ہر قسم کی حاجت روائی کیلئے

انسان نہ تو اپنی مرضی سے پیدا ہوا اور نہ ہی اپنی مرضی سے مرے گا۔ حقیقت میں یہ انسان انتہائی کمزور ہے یہ ہر لحاظ سے رب باری تعالیٰ کا محتاج ہے اس کائنات میں ایک ہی ذات ہے جو خود کسی کی محتاج نہیں ۔ یہ اللہ جل جلالہ کی ذات گرامی ہی ہے۔ انسان جتنی مرضی تدبیریں کرے تو اس کی کوئی بھی تدبیر اللہ کی ذات کے بغیر پایۂ تکمیل نہیں پہنچ سکتی ہر اچھی ہونے والی بات اللہ جل جلالہ کی توفیق سے ہوتی ہے۔ ہر ہونے والی بری چیز انسان کے اپنے نفس کا نتیجہ ہے اسلیئے جب کوئی اچھا کام ہو جائے تو اسے اللہ جل جلالہ کی طرف سے اس کی نوازش ہی سمجھا جائے اور جہاں کہیں بھی بری چیز ہو تو انسان اسے اپنے نفس کی طرف لوٹائے اور اللہ جل جلالہ سے مغفرت طلب کرے۔ بندے اور اس کے مالک رب جل جلالہ کا ایک ہی تعلق ہے کہ بندہ اس سے مانگتا رہے اور اللہ جل جلالہ اسے اپنی نوازشوں سے نوازے ہر قسم کی حاجت کیلئے مندرجہ ذیل وظائف ہیں۔

1۔ آب شفاء روزانہ صبح وشام پڑھا جائے

ہر تکلیف، دکھ، درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ، بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

3 بار ✹ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ○ 3 بار ✹ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

3 بار ✹ درود پاک (ابراہیمی) 3 بار ✹ آیۃ الکرسی ۔

(ہر ایک میں سات بار وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○)

11 بار ✹ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ○ 3 بار ✹ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ 3 بار ✹ الحمد شریف

**11 بار ✹ درود وسلام اور برکت (لامحدود)**

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ دَائِمًا اَبَدًا ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درود وسلام برکت بھیج جتنا کہ تیرا علم ہے۔ 313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے۔ کیونکہ یہ درود وسلام اور برکت لامحدود ہے۔

2۔ اللہ جل جلالہ سے پناہ:۔ رب باری تعالیٰ نے قرآن کو سورۃ فلق اور سورۃ والناس میں ختم کیا ہے۔ رسول ﷺ کبھی بھی اللہ جل جلالہ سے پناہ لیئے بغیر کبھی نہیں سوئے۔ آپ ﷺ سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ والناس پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارتے اور اپنے جسم مبارک کو جہاں جہاں آپ کے ہاتھ پہنچ سکتے تھے مساج کرتے، یہ عمل آپؐ رات کو سوتے وقت تین بار دہراتے، حقیقت یہ ہے کہ جس کو اللہ جل جلالہ کی پناہ مل گئی اس کے مسائل حل ہو گئے۔ روزانہ صبح کی نماز کے بعد یا اسے کسی ایک نماز کے بعد کم از کم درود پاک اول وآخر تین بار کے ساتھ 21 بار سورۃ فلق اور 21 بار سورۃ والناس کا وظیفہ کریں زندگی کی تمام راہیں آسان ہو جائیں گی۔

3۔ حاجت روائی کیلئے:۔عشاء کی نماز کے بعد اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُo یا اَللّٰہُ یا رَحۡمٰنُ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُo یا اَللّٰہُ یا رَحِیۡمُ

101بار روزانہ

(اے اللہ جل جلالہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

دن کے وقت یہی وظیفہ دل کے اندر بغیر زبان ہلائے جتنا ہو کرلیں۔اگر کوئی آدمی اس وظیفہ کو نہیں چھوڑتا تو اس کے اندر مندرجہ ذیل طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ (i) جو مانگا دے دیا گیا (ii) جو بات دل میں آئی پوری کر دی گئی (iii) نہ مانگا نہ خیال کیا اور ہو گیا۔ اس کو کرامت کہتے ہیں۔

مُسلم شریف میں ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ جب بندہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ o کہتا ہے تو اللہ جل جلالہ اس کے جواب میں فرماتا ہے اے بندے جو تم نے مانگا وہ دے دیا گیا۔

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُo کے ساتھ پڑھا ہوا وظیفہ سے یقیناً کامیابی ملتی ہے۔

4۔ رسول کریم ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ یَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ اسم اعظم ہے۔جو کوئی اللہ جل جلالہ سے اس نام پر مانگتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔

ہر حاجت کیلئے یَا فَتَّاح، یَا رَقِیۡبُ، یَا مُجِیۡبُ، یَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ 1100 بار روزانہ رات کو سوتے وقت پڑھیں۔

یَا فَتَّاحُ (اے کھولنے والے) ہر کام میں آسانی پیدا ہونا۔قسمت کا کھُل جانا۔بگڑے کاموں کا بننا۔دل کا نورِ ایمان سے منور ہونا۔ (رُکی ہوئی شادی کیلئے اس کا وِرد بہت لاجواب ہے)

یَا رَقِیۡبُ (اے نگہبان، اے نگاہ رکھنے والے) اللہ جل جلالہ کے حفظ و امان میں بندہ کا اور اس کے اہل وعیال اور مال متاع کا حفاظت میں رہنا۔گمشدہ چیز کا ملنا۔شیطانی وسوسوں سے حفاظت ملنا، پاکیزہ خیالات کا پیدا ہونا۔چھینی ہوئی چیز کا واپس ملنا۔جسم و جان کی حفاظت ہونا۔حفاظت حمل ملنا ۔دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے بچے رہنا۔مکان کی حفاظت ہونا (دم شدہ پانی چھڑکنے سے)۔

یَا مُجِیۡبُ (اے قبول کرنے والے جواب دینے والے) گمشدہ چیز کا ملنا۔قید سے رہائی پانا۔نرم مزاج ہونا۔اللہ جل جلالہ کا اسے محبوب بنانا۔سر درد کا دور ہونا۔دعاؤں کی قبولیت اور ہر بلا سے محفوظ ہونا۔دوران سفر محفوظ رہنا۔ہر بیماری سے شفاء ملنا۔حمل ضائع نہ ہونا۔ناراض بیوی کو میکے سے واپس لانے کیلئے مجرب ہے۔

یَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ (اے عظمت اور بزرگی والے، اے عطا اور کرم والے) دعاؤں کی قبولیت ہونا۔ مرادوں کا پورا ہونا۔ہر کام میں کامیابی ملنا۔ ہر مشکل کا آسان ہونا۔

5۔ کسی بھی حاجت روائی کیلئے کسی ایک نماز کے بعد 21 بار الحمد شریف پڑھیں۔

حاجت روائی کیلئے دونفل اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں جب الحمد شریف پڑھتے ہوئے **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** آئے تو اسے اُدھر ہی 101 مرتبہ دہرائیں اور آگے **اِھْدِ نَاالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ** پڑھتے ہوئے الحمد شریف پوری کریں۔اور حسب دستور پہلی رکعت پوری کریں۔دوسری رکعت میں بھی یہی عمل دہرائیں،سب سے بہتر یہ ہے کہ الحمد شریف کے بعد قل شریف ہر دو رکعت میں تین تین بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھا جائے یہ نفل اس دن تک پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

6۔ سورۃ یٰسین روزانہ ایک بار اس طرح پڑھیں کہ ہر **مُبین** پر رُک کر سات بار **الحمد شریف** بمعہ **بِسۡمِ ا للّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ** پڑھیں۔سورۃ یٰسین پڑھتے ہوئے **مُبین** سے پیچھے نہیں آنا آگے ہی پڑھنا ہے۔اور یہ سورۃ یٰسین اس دن تک ایک بار پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

زندگی میں یہی دیکھا ہے کہ جس کسی نے بھی اللہ جل جلالہ کے ناموں کا ورد کیا تو اس کی تقدیر ہی بدل گئی۔زانیوں کا زنا جاتا رہا،بدخلق خوش خلق ہو گئے،بے نمازی نمازی ہو گئے،حتیٰ کہ تہجد گزار بن گئے،قاتلوں نے اپنی زندگی کو بدل ہی لیا التماس ہے کہ اللہ جل جلالہ کے ناموں کا وظیفہ اب ہی شروع کر لیں اور اللہ جل جلالہ سے اپنی تقدیروں کو بدلوالیں۔

**7۔ جب کسی طرح بھی حاجت نہ پوری ہو رہی ہو تو ایک مہینے میں زیادہ سے زیادہ تین سجدہ فقیری کریں۔**

اللہ جل جلالہ سے مانگنے والا فقیر رات کے ایک بجے کے بعد نہیں سوتا۔وہ اپنی کمر زمین پر نہیں لگاتا ستاروں کو دیکھتا رہتا ہے فجر سے بہت پہلے ستارے ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتے ہیں جب موسم انتہائی معتدل ہو جاتا ہے گرمیوں میں اس وقت گرمی کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔سردیوں میں سردی کا احساس نہیں ہوتا۔

معلوم ایسے ہوتا ہے کہ ساری کائنات سمٹ گئی ہے یہی وقت ہے کہ فقیر اللہ جل جلالہ سے صدا لگاتا ہے۔" سوہنیا ربّا سوہنا وقت آیا اے کر کرم نوازیاں " ہر فقیر کے مانگنے کے اپنے اپنے الفاظ ہیں اس وقت جو کچھ مانگا جاتا ہے تو اسے دے دیا جاتا ہے یہی وقت قبولیت کا ہے اس وقت کا مانگا ہوا کبھی واپس نہیں لوٹایا جاتا ویسے بھی جو کچھ سجدے میں مانگا جاتا ہے قبول کیا جاتا ہے آپ بھی اس وقت ایک سجدہ کر کے اللہ جل جلالہ سے اپنی حاجت کو پورا کرواسکتے ہیں اور جس نے بھی اس طرح سے مانگا ہے تو اس کو دیا گیا ہے۔

لوگوں نے اس طرح سے پاکستان میں مانگا تو ان کو نتیجہ ہزاروں میل دور رہنے والوں کو مل گیا۔کئی مریضوں کے آپریشن ہونے تھے لیکن ایک سجدہ میں مانگنے سے مریض مرض سے نجات پا گیا۔کسی طرح بھی حاجت روائی نہ ہوئی تو ایک سجدہ سے حاجت روائی ہو گئی طریقہ یہ ہے اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلے جائیں اور پڑھیں۔

**1۔ سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی 7 مرتبہ۔ 2۔ اِنَّهُ سَمِیعٌ قَرِیب 11 مرتبہ (22۔ سورت سباء آیت نمبر 50)**

**3۔ لَبیكَ اللّٰھُمَ لَبیكَ 11 مرتبہ** اور سجدہ میں ہی اپنی حاجت مانگ لیں۔

اہلسنت کی مسجد میں جتنے بجے جماعت نماز فجر کیلئے کھڑی ہوتی ہے اس سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے جب راتیں چھوٹی ہوں اور دو گھنٹہ پہلے جب راتیں بڑی ہوں اور یہ وہ وقت ہے جب اللہ جل جلالہ پہلے آسمان سے اپنی مخلوق سے ہم کلام ہوتا ہے۔ حدیث کا بیان اسطرح ہے۔

ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں، ہے کوئی بیمار کہ میں اسے شفاء دوں، ہے کوئی رزق کا مارا ہوا کہ اسے رزق دوں، ہے کوئی معافی مانگنے والا کہ میں اسے معاف کروں، ہے کوئی پریشان حال کہ میں اسکی پریشانی دور کروں، ہے کوئی حاجت مانگنے والا کہ اسکی حاجت پوری کروں۔ اور یہ سلسلہ اللہ جل جلالہ کی ندا کا فجر کی نماز سے پہلے ختم ہوجاتا ہے یقیناً جو کوئی بھی اللہ جل جلالہ کی ندا میں آجائے گا اسکی حاجت روائی ہوجائے گی فقیر اس وقت مانگنے سے غفلت نہیں کرتا آپ سے درخواست ہے کہ اللہ جل جلالہ سے مانگنے والے فقیر بن جاویں۔ سجدے میں مانگنے میں دوسرا راز یہ ہے کہ اللہ جل جلالہ بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے اور تیسرا راز یہ ہے کہ جو سجدہ میں پڑھا گیا یہ انتہائی اعلیٰ اور قرابت کا ذریعہ ہے۔

**سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی** کہہ کر تعریف کی **اِنَّهُ سَمِیعٌ قَرِیبٌ** ٥ کہہ کر قرب حاصل کیا اور **لَبیكَ اللّٰھُمَّ لَبیكَ** کہہ کر حاضری لگوائی اور سجدہ میں دعا کی تو منظوری کا ذریعہ بن گیا۔

اللہ اکبر کہہ کر بیٹھ جاویں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائیں اور الحمد شریف پڑھ کر وہی دعا مانگیں جو سجدہ میں مانگی تھی یاد رکھیں کہ الحمد شریف کی پہلی آیت بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ہے اس کے بغیر کبھی بھی الحمد شریف نہ پڑھا کریں ویسے بھی جو اکیس بار الحمد شریف پڑھتا ہے اسکی حاجت روائی ہوجاتی ہے۔ اس کا راز اس بات میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بیان کیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے **اِیَّاكَ نَعبُدُ وَ اِیَّاكَ نَستَعِینُ** تو اللہ جل جلالہ فرماتا ہے کہ اے بندے جو تونے مانگا دے دیا گیا یہاں نتیجہ اللہ جل جلالہ پر چھوڑ دینا چاہیئے کیونکہ وہ جو کچھ بھی دے گا وہ، وہ ہوگا جو تیرے لیئے بہتر ہے۔

التماس ہے کہ جب کسی طریقہ سے بھی دعائیں قبول نہ ہورہی ہوں تو اللہ جل جلالہ کو یہی سجدہ کریں اور اپنی مرادیں پائیں۔ انشاءاللہ دعائیں قبول ہوں گی۔

**التجا گو: رانا ذوالفقار علی** خادم امام برّی شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret) موبائل: 0300-9612209 0321-6147630

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ

Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.

*Printed By: Al-Syed & AS Printers* Tel: 052-4589888

# اس لائحہ عمل کو

## کامیاب زندگی کیلئے

## آج سے ہی شروع کردیں


التجا گو **رانا ذوالفقار علی** خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ

موبائل: 0300-9612209 -0321-6147630


**Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.**


**Composed By:** *Shakeeb Mir (Cell: 0333-8609103)*

**Printed By:** *Al-Syed Papers & AS Printers. Tel: 052-4589888*

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# زندگی کی تمام آسانیوں اور کامیابیوں کیلئے

1۔ انسان کے تین خواب ایسے ہیں جو سچ ہیں، ان کی سچائی کیلئے کسی سے پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں۔

1۔ خانہ کعبہ بیت القدس:۔ مسجد نبی کریم ﷺ یا دنیا کی کسی بھی مسجد کا دیکھنا۔

2۔ آئیت قرآنی:۔ اسمائے الٰہی، اسمائے رسول ﷺ کا نظر آنا، اس کی تین صورتیں ہیں۔

(۱) لکھا ہوا (۲) سننا (۳) کسی انسان کا خواب والے سے بات کرنا یا ان لوگوں سے بات کرنا جس کو خواب میں دیکھ رہا ہے۔

3۔ نبی کریم ﷺ کی زیارت:۔ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا، شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا۔

# آبِ شفاء

ہر تکلیف دکھ درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ۔ بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے۔

(روزانہ صبح و شام)

3 بار ☆ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ ○ 3 بار ☆ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

3 بار ☆ درود پاک (ابراہیمی) 3 بار ☆ آئیت الکرسی

ہر ایک میں سات بار وَلَا یَؤُدُہٗ حِفۡظُہُمَا وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ○

11 بار ☆ سَلٰمٌ ۟ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ○ 3 بار ☆ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ، 3 مرتبہ الحمد شریف

## 11 مرتبہ درود و سلام اور برکت (لامحدود)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَ بَارِکۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ لَّکَ دَائِماً اَبَداً ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درود و سلام بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے۔ 313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے، کیونکہ یہ درود و سلام اور برکت لامحدود ہے۔

2۔ رب کریم سے پناہ لینا:۔ سوتے وقت 41 بار سورت فلق اور 41 بار سورت والناس اول و آخر 3 بار درود پاک

جب سے قرآن کی دو سورتیں سورت فلق اور سورت والناس نازل ہوئیں تو نبی کریم ﷺ سوتے وقت رب کریم جل جلالہ سے پناہ لیئے بغیر سوئے ہوں۔ آپ ﷺ تینوں سورتیں اخلاص، فلق اور والناس ایک ایک بار پڑھ کر اپنے پورے جسم کو سر سے لے کر پاؤں تک اور جہاں تک پیچھے ہاتھ جاسکتے ہیں مساج کرتے اور اس پڑھنے اور جسم کو مساج کرنے کا عمل تین بار دہراتے۔

جب رسول ﷺ خود رب سے پناہ لیتے ہیں تو خود اپنے بارے میں فیصلہ کریں کہ آپ کتنی بار پناہ لیتے ہیں۔ جب کوئی انسان سورت فلق اور سورت والناس کے پڑھنے سے رب جل جلالہ کی پناہ روزانہ لیتا ہے تو اللہ جل جلالہ اس بندے کو اپنی نگاہ میں لیتا ہے یا اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اس کے دل پر سکون طاری ہوتا ہے یا اسکے دل میں حلاوت پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے وہ انسان خواب میں آئیت قرآنی، اسمائے الٰہی یا اسمائے رسول ﷺ سے آگاہ ہوتا ہے۔ یہ چیزیں رب کریم جل جلالہ کی طرف سے آگاہی ہیں۔ اسے اسم اعظم بھی کہا جا سکتا ہے ۔نئے زمانے کے مطابق اسے "Password" بھی کہتے ہیں۔ انسان بھی ایک طرح کا اللہ جل جلالہ کا بنایا ہوا کمپیوٹر ہے، اگر "Password" استعمال کر لیا گیا تو کمپیوٹر کھل جائے گا، اسی طرح کے اور پیغامات ملتے جائیں گے اور بہت سی کھڑکیاں Windows کھلتی جائیں گی اگر آئیت قرآنی ملیں اور وہ چھوٹی ہوں تو (101) بار عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر (3) بار درود پاک کے ساتھ پڑھتے جائیں، بڑی سورتیں ہوں تو تعداد میں اسی طرح کم پڑھیں۔ اگر اللہ جل جلالہ کے نام ہوں یا رسول ﷺ کے نام تو 1100 بار درود پاک کے ساتھ پڑھتے جائیں، خواب میں ملے ہوئے وظیفہ کی مدت 3 ماہ 25 دن ہے، جو وظیفہ ملتا جائے اس کو پڑھتے جائیں اگر خواب میں ملا ہوا وظیفہ اسی رات کو نہ پڑھا جائے تو سمجھیں کہ روحانی ٹرین آئی تھی جس پر سفر نہیں کیا۔ موقعہ ضائع ہو گیا۔ نئی ٹرین کا انتظار کریں۔

4۔ حاجت روائی کے لیئے:۔ [ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ٥ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ / اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ٥ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیۡمُ ] 101 بار روزانہ۔

عشاء کی نماز کے بعد 3 بار درود پاک اول و آخر کے ساتھ پڑھا جائے، دن کے وقت یہی کلمات بغیر گنے اور زبان ہلائے جتنا بھی ہو سکے پڑھتے رہیں، رسول ﷺ اس طرح فرماتے ہیں کہ جب بندہ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ٥ کہتا ہے تو اللہ جل جلالہ اس کے جواب میں فرماتا ہے "اے بندے جو تو نے مانگا وہ دے دیا گیا"۔ اس سے بڑی سعادت بندہ کیلئے اور کیا ہو سکتی ہے۔ اگر کسی کا مسئلہ اس وقت نہیں پورا ہو رہا تو یقین جانیں کہ اسے اللہ جل جلالہ اس سے بھی بہتر چیز سے نوازنے والا ہے، یاد رہے کہ اگر خواب میں کوئی وظیفہ مل گیا ہے تو وہ نماز عشاء کے وقت پڑھے جانے والے وظیفہ کی جگہ لے لے گا اور پہلا وظیفہ کسی اور نماز کے ساتھ پڑھا جائے گا، عشاء کے ساتھ پڑھے جانے والا وظیفہ ہی دن کے وقت کثرت سے جتنا ہو سکتا ہے بغیر گنے اور بغیر زبان ہلائے پڑھا جاتا ہے۔

21 دن کے بعد ہی یا زیادہ سے زیادہ 11 دن کے بعد نیا وظیفہ اپنے مسائل کے مطابق آیات قرآنی یا اسمائے الٰہی سے یا کتاب "آپ کے مسائل اور اس کا حل" یا کتاب "اسمائے الحسنٰی" سے اضافی طور پر پڑھا جا سکتا ہے۔ (اس کیلئے Website دیکھیں) اگر بہت جلد نتیجہ چاہیئے تو کتاب حدیث قدسیہ سے صفحہ نمبر 10 سے سجدہ فقیری کیا جائے۔ جو مہینہ میں ایک دفعہ یا زیادہ سے زیادہ تین دفعہ کیا جانا چاہیئے۔

# آپکے مسائل اور اس کا حل

## رہنمائی کیلئے چند آیات قرآنی اور اسم الٰہی دیئے جار ہے ہیں

1۔ دل کے مرض کے لیئے اور مصیبتوں سے بچنے کیلئے۔ (2) بقرہ (156) اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ ۔ 500 بار روزانہ۔

2۔ ہر سلامتی کیلئے، جنت میں داخلے کیلئے، رب العزت کی ملاقات کیلئے اور شوگر کے مرض کے لیئے:۔

23، سورۃ یٰسین، آیت نمبر 58 سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ o 101 یا 313 بار روزانہ

3۔ دشمنوں سے بچاؤ اور کینسر، اولاد، خاوند اور دوسروں کی نفرت سے بچنے کیلئے

17، سورۃ انبیاء، آیت نمبر 69 قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰہِیْمَ o لا 101 بار روزانہ۔

4۔ حاجت روائی کے لیئے:۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ
101 بار روزانہ۔

5۔ مصیبت کو ٹالنے کے لیئے:۔

(30، سورۃ الم نشرح، نمبر 5،6) فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا o لا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا o ط۔ 313 بار روزانہ۔

6۔ طلباء و طالبات کی تعلیمی کامیابی کیلئے یَا فَتَّاحُ یَا حَسِیْبُ یَا عَزِیْزُ یَا حَکِیْمُ 101 بار روزانہ۔

(19) شعرا (83) رَبِّ ھَبْ لِیْ حُکْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ o لا 101 بار روزانہ۔

اے میرے رب جل جلالہ مجھے علم و عمل عطا فرما اور مجھے نیک بندوں کے ساتھ ملا دے۔

7۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ o 313 بار روزانہ۔

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے، سب سے ہلکی بیماری رنج و غم و فکر و پریشانی ہے۔

8۔ (۲۷) الحدید (۳) ھُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ o 101 بار روزانہ۔

غیر اللہ کی محبت دور ہوگی باطنی اسرار ظاہر ہو سکیں گے اور قلب میں انس و محبت الٰہی پیدا ہوگی اور تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

9۔ نفس کی حرص سے بچنے اور بامراد ہونے کیلئے (28) حشر (9) وَمَنْ یُّوْقَ شُحَّ نَفْسِہٖ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o ج اور جس کو اپنے نفس حرص سے بچا لیا گیا تو وہی بامراد ہیں۔ 101 بار روزانہ۔

یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ روزانہ 313 بار روزانہ پڑھیں، نیکی میں بڑھنے، ہر برائی سے رکنے کیلئے، نفس پر قابو پانے کیلئے، جس مقصد کیلئے پڑھا جائے پورا ہو۔

10۔ ہر قسم کے داؤ پیچ سے بچنے کیلئے، سسرال کے عتاب اور طلاق سے بچنے کیلئے

(۳۰) طارق (۱۵) اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ (۱۶) وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ 101 بار روزانہ۔

11۔ استخارہ کیلئے یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ روزانہ تعداد 313 بار تین دن کیلئے سوتے وقت

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کیلئے۔ یَا بَارِئُ یَاذُوالْجَلَالِ وَ الْاِکْرَامِ 1100 بار روزانہ۔

12۔ اولاد کیلئے یَااَللّٰہُ یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَا مُصَوِّرُ (یہ عورت کیلئے ہے) 500 بار روزانہ۔

(بیٹے کی پیدائش کیلئے) یَآ اَحَدُ یَا وَاحِدُ 313 بار روزانہ یَا مُبْدِئُ (101 بار روزانہ پیٹ پر ہاتھ رکھ کے)

(18) مومنون (14) فَتَبٰرَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِیْنَ ۝ ط 101 بار روزانہ۔

پس بڑا بابرکت ہے اللہ جل جلالہ جو سب سے بہتر بنانے والا ہے۔

(۲۹) نوح (۱۲) وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْهٰرًا ۝ ط 101 بار روزانہ۔

اور وہ تمہاری اموال اور فرزندوں سے مدد فرمائے گا اور تمہارے لئے باغات بنادے گا اور تمہارے لئے نہریں بنادے گا۔

اور اس کا خاوند 101 بار روزانہ (17) انبیاء (89) رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ پڑھے گا

13۔ رزق کیلئے (27) زاریٰت (58) اِنَّ اللّٰہَ ھُوَالرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ ۝ 101 بار روزانہ۔

بلاشبہ اللہ جل جلالہ ہی (سب کو) روزی دینے والا، قوت والا (اور) زور والا ہے۔

14۔ رحمت میں داخل ہونے کیلئے

(3) عمران (74) یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ۝ 101 بار روزانہ۔

اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہتا ہے خاص کر لیتا ہے اور اللہ جل جلالہ صاحب فضل عظیم ہے۔

(15) کہف (10) رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّ ھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝ 101 بار روزانہ۔

ہمیں اپنی جناب سے رحمت مرحمت فرما اور ہمارے لیئے اس کام میں ھدائیت فرما۔

15۔ دنیا و آخرت کی بھلائی کیلئے 101 بار روزانہ۔

(2) البقرہ (201) رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝۔

اے ہمارے رب جل جلالہ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

16۔ آخرت کو یاد رکھنے کیلئے (17) انبیاء (35) کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ ؕ وَنَبْلُوْکُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَیْرِ فِتْنَۃً ؕ وَاِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝ 101 بار روزانہ۔ ہر نفس موت کا مزہ چکھنے والا ہے اور ہم تمہیں

برے اور اچھے حالات سے دوچار کر کے خوب آزماتے ہیں اور (آخرکار) تم سب کو ہماری طرف ہی لوٹ آنا ہے۔

17۔ قیامت کے دن گندی فلم کے چلنے سے بچنے کیلئے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ 1100 بار روزانہ۔
اے میرے رب جل جلالہ مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو ہی سب سے اچھا وارث ہے۔

18۔ گھر میں اور باہر عزت پانے کیلئے۔
(۲)البقرہ(۱۶۵) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ 101 بار روزانہ۔
اور کچھ لوگ وہ ہیں جو اوروں کو اللہ جل جلالہ کا مدمقابل بناتے ہیں، ان سے محبت کرتے ہیں جیسے جیسے اللہ جل جلالہ سے محبت کرنا چاہیئے اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ جل جلالہ سے محبت کرتے ہیں۔

19۔ تقدیر بدلوانے کیلئے۔
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَا قَادِرُ يَا كَرِيْمُ ۝ (500) بار روزانہ۔

20۔ فقر و فاقہ محتاجی اور حاجت روائی کے لئے
يَا وَهَّابُ يَا مَالِكَ الْمُلْكِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (1100) بار روزانہ۔

21۔ اسرار الٰہی کیلئے اَللّٰهُ الصَّمَد (1100) بار روزانہ۔

22۔ علم و حکمت کیلئے يَا فَتَّاحُ يَا عَلِيْمُ يَا حَكِيْمُ (1100) بار روزانہ۔

23۔ کفالت، توکل اور رزق کی کشادگی کیلئے
حَسْبُنَا اللّٰهُ نِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَ نِعْمَ النَّصِيْرُ ۝ ع (450) بار روزانہ۔

# اسمائے الٰھی

1۔ بیماری سے بچنے کیلئے يَآ اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ ۔ يَا قُدُّوْسُ يَا سَلَامُ۔ يَا مُهَيْمِنُ يَا حَفِيْظُ۔ يَا جَبَّارُ ۔ يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ۔

2۔ تقدیروں کے بدلنے کیلئے يَا قَادِرُ يَا كَرِيْمُ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

3۔ ضدی بچوں کیلئے يَا مُقِيْتُ يَا مَتِيْنُ۔ يَا وَلِيُّ يَا حَمِيْدُ۔

4۔ بھول چوک اور نسیان کی بیماری کیلئے يَا رَحْمٰنُ يَا مُعِيْدُ ۔ يَا قَوِيُّ يَا حَفِيْظُ

5۔ برے خوابوں سے بچنے کیلئے يَا مُقَدِّمُ يَا مُؤَخِّرُ ۔ يَا بَاقِیُ ۔ يَا مُقْسِطُ يَا نُوْرُ۔

6۔ شادی کیلئے يَا رَحْمٰنُ يَا سَمِيْعُ يَا وَاجِدُ يَا مُغْنِىُّ يَا فَتَّاحُ يَا لَطِيْفُ

7۔ اولاد کیلئے يَآ اَللّٰهُ يَا خَالِقُ يَا بَارِئُ يَا مُصَوِّرُ ۔ يَا جَبَّارُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا كَبِيْرُ يَا مُجِيْبُ۔ يَا مُبْدِئُ۔ يَا وَاحِدُ يَا اَوَّلُ يَا وَارِثُ

8. حاملہ عورتوں کیلئے یَا قُدُّوسُ یَا رَّقِیبُ یَا مُھَیمِنُ یَا حَفِیظُ ۔ یَا خَالِقُ یَا مُتَعَالِیُ یَا غَفُورُ یَا وَالِیُ ۔ یَا قَوِیُّ یَا مُبْدِیُٔ

9. ہر قسم کے ڈر سے بچنے اور حفاظت کیلئے یَارَقِیبُ یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ یَا مُھَیمِنُ یَا حَفِیظُ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیزُ۔ یَا مُعِزُّ یَا مُزِلُّ یَا بَصِیرُ ۔ یَا حَسِیبُ یَا شَھِیدُ ۔

10. روزی کیلئے یَا مَالِكُ یَا وَھَّابُ یَا رَزَّاقُ ۔ یَا فَتَّاحُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ۔ یَا رَافِعُ یَا لَطِیفُ یَا عَلِّیُ۔ یَا کَبِیرُ یَا وَاسِعُ یَا وَکِیلُ۔ یَا مُعِیدُ یَا قَیُّومُ یَا صَمَدُ۔ یَا وَالِیُ یَا مَالِكُ الْمُلْكِ۔ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا وَارِثُ

11. اچھے اخلاق کیلئے یَا حَلِیمُ یَا عَلِّیُ ۔ یَا کَرِیمُ یَا وَاسِعُ ۔ یَا وَدُودُ یَا شَھِیدُ ۔ یَا مَتِینُ یَا حَمِیدُ ۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ ۔ یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ ۔ یَا بَرُّ یَا مُقسِطُ ۔ یَا جَامِعُ یَا رَشِیدُ

12. جادو ٹونے سے بچنے کیلئے یَاقَابِضُ۔ یَا جَبَّارُ یَا قَھَّارُ۔ یَا خَافِضُ۔ یَا مُزِلُّ یَا کَبِیرُ۔ یَا مُمِیتُ یَا مُنْتَقِمُ

13. صاحب کشف وصاحب باطن ہونے کیلئے یَآ اَللّٰهُ ۔ یَا رَحِیمُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ ۔ یَا مُھَیمِنُ یَا بَصِیرُ ۔ یَا حَاکِمُ یَا خَبِیرُ۔ یَا حَلِیمُ یَا شَکُورُ یَا صَمَدُ

14. صفائی قلب کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیمُ۔ یَا مَالِكُ یَا قُدُّوسُ ۔ یَا خَالِقُ یَابَصِیرُ یَا وَاجِدُ ۔

15. مغفرت کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ یَا رَحِیمُ۔ یَا غَفُورُ یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ ۔ یَا عَفُوُّ یَا تَوَّابُ ۔

16. دعاؤں کی قبولیت کیلئے یَا لَطِیفُ یَا شَکُورُ یَا سَمِیعُ یَا مُجِیبُ ۔ یَا مُقِیتُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا رَشِیدُ

17. طلباء وطالبات کی تعلیمی کامیابی کیلئے یَا فَتَّاحُ یَا عَزِیزُ یَا حَسِیبُ یَا حَکِیمُ کم سے کم 101 بار روزانہ

18. میاں بیوی کے درمیان اچھے سلوک کیلئے یَارَحِیمُ یَا مُؤْمِنُ یَا بَاسِطُ یَا مُجِیبُ یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیتُ۔ یَا وَلِیُّ یَا وَدُودُ یَا شَھِیدُ ۔ یَاعَفُوُّ یَا وَاجِدُ یَامَاجِدُ۔ یَا رَءُوفُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔ یَا مُقسِطُ یَا مُغْنِیُ یَا نَافِعُ یَا صَبُورُ۔

# (Self Reiki)

# روحانی اور جسمانی علاج

1 بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ 1 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

1 بار درود (ابراہیمی) 1 بار آئیت الکرسی

اور آخری الفاظ (وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○) 7 بار 11 بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

1 بار الحمد شریف 11 بار کلمہ طیب

اپنے جسم پر اور پانی پر پھونک ماریں جسم کو اپنے ہاتھوں سے مساج کریں اور پانی پی لیں۔

## ① (Activation)

## اسم " اللہ " جل جلالہ کی روشنیوں اور طاقت کو متحرک کرنا۔

دائیں ہاتھ کی انگلی سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلی سے دائیں ہاتھ پر اسم " اللہ " جل جلالہ لکھیں۔

اب اسم " اللہ " جل جلالہ سینہ پر، ماتھے پر اور دماغ (یعنی تالو) پر انگلی سے لکھیں، مندرجہ ذیل عمل کرتے ہوئے اسم " اللہ " جل جلالہ کے نور کا تصور ہر وقت رکھیں۔

### ہاتھوں کا رگڑنا

دونوں ہاتھوں کو ایسے سامنے ملالیں، آپ کے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر اسم "اللہ" جل جلالہ ہے ان دونوں ہاتھوں میں سے کسی ایک ہاتھ کو اپنی طرف پیچھے کریں پھر دوسرے ہاتھ کو دونوں ہاتھوں کو آگے پیچھے کرتے رہیں اور زبان سے " اللہ اللہ" ایک منٹ کیلئے آواز سے کہتے رہیں اور ایک منٹ کیلئے بغیر آواز کے " اللہ اللہ " کہیں، اسی طرح دونوں ہاتھوں کے درمیان رگڑ سے گرمی پیدا ہوتی رہے گی اور اسم " اللہ " جل جلالہ کے نور کی مخفی حرارت، طاقت، لہریں اور سکون جسم کے ہر حصہ میں پہنچ جائے گی اور جسم کا حصہ بن جائے گی۔

### ہاتھوں سے تالی بجانا (دونوں ہاتھ آپس میں ملنے نہ پائیں)

ایک منٹ کیلئے ہاتھوں سے تالی بجاتے رہیں اور آواز سے " اللہ اللہ" (جل جلالہ) کہتے جائیں، جب ہاتھ ہر بار قریب آتے ہیں تو ہتھیلیوں کے درمیان اسم " اللہ " جل جلالہ کا نور اور مخفی طاقتیں، لہریں اور سکون دونوں بازوؤں سے پورے جسم میں پہنچ جاتے ہیں اور جسم پورطرح سے اسم " اللہ " جل جلالہ سے چارج ہو جاتا ہے۔ اپنے ہاتھوں پر پھونک ماریں اور پوری طرح مساج کریں۔

## ② روحانی طاقت کا حاصل کرنا (Attunement)

### ہوا سے دماغ اور دماغ سے سینہ کے اندر

اپنے سامنے کچھ فاصلہ پر ہوا میں اپنی شہادت کی انگلی سے اسم " اللہ " (جل جلالہ) زبان سے ا،ل،ل،ہ، شد ربانی، الف کہتے ہوئے سات بار لکھیں، اب ہاتھ میں تسبیح اور اسم " اللہ " (جل جلالہ) کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں دیکھتے ہوئے ہوا میں سے دماغ اور دماغ سے سینہ

میں اترتا ہوا دیکھیں اور آواز کے ساتھ "اللہ" جل جلالہ کہیں اس طرح ایک تسبیح آواز کے ساتھ اور ایک تسبیح بغیر آواز کے پوری کریں اب اسم "اللہ" جل جلالہ کا نور اور مخفی طاقتیں، لہریں اور سکون باہر سے جسم کے اندر آ چکے ہیں۔

## دماغ سے سینہ تک

اسم "اللہ" جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن یا دونوں مکس کلر میں اپنے دماغ میں چمکتا ہوا دیکھیں اور اسے ہر بار دماغ سے سینے میں اترتا ہوا دیکھیں، آواز کے ساتھ آدھی تسبیح اس اسم "اللہ" (جل جلالہ) اور بغیر آواز کے آدھی تسبیح اسم "اللہ" جل جلالہ کی پوری کریں۔

## سینے کے اندر

اسم "اللہ" جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں اپنے سینے کے اندر دیکھیں اور ہر بار آواز کے ساتھ آدھی تسبیح اور بغیر آواز کے ساتھ آدھی تسبیح اللہ اللہ (جل جلالہ) کہتے ہوئے پوری کریں۔

# ③ مراقبہ اسم "اللہ" جل جلالہ (Meditation)

آہستہ آہستہ آنکھیں بند کریں ااسم "اللہ" جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں چمکتا ہوا سینہ کے اندر دیکھیں اب آپ نے "اللہ اللہ" جل جلالہ نہیں کہنا دل خود "اللہ اللہ" جل جلالہ کہتا تو کہنے دیں، آئیت اللّٰہ نور السمٰوات والارض اللہ جل جلالہ کا ہی نور آسمانوں اور زمین میں ہے کو سمجھتے ہوئے اللہ (جل جلالہ) کے نور میں ڈوبتے جائیں اور گہرے ہوتے جائیں کہ سینے کے اندر اسم "اللہ" جل جلالہ کی روشنیوں میں جسم ظاہری آہستہ آہستہ ڈوبتا جا رہا ہے اور یہ کیفیت اس طرح جاری رہے کہ پورا جسم اسم نور "اللہ" جل جلالہ میں بدل گیا اب آگے بڑھیں کہ آپ کے ارد گرد صرف کائناتی روشنیاں ہیں نہ کوئی مکان ہے نہ کوئی اور چیز اور آپ کا پورا جسم جو کہ روشنیوں میں بدل چکا ہے وہ کائناتی روشنیوں میں داخل ہو گیا اور آپ کا کوئی وجود ہی باقی نہ رہا سوائے اللہ جل جلالہ کے نور کے، یہ کیفیت کم از کم 3-4 منٹ جاری رہے، اس کیفیت سے باہر آنے کیلئے آہستہ آہستہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کہتے رہیں اور آنکھیں کھول دیں، یہ عمل جو کرتا رہے گا وہ مکمل طور پر روحانی اور جسمانی شفا یافتہ ہو جائے گا۔

اگر کوئی دل کا مریض ہو تو روشنیوں کو سینہ سے دل کی طرف بڑھتا ہوا دیکھے کہ وہ ان روشنیوں سے ٹھیک ہو رہا ہے، اگر کھانسی کا مریض ہو تو روشنیوں کو سینہ سے پھیپھڑوں کے اندر بھرتا ہوا دیکھے، اگر شوگر کا مریض ہے تو روشنیوں کو پورے جسم اور جو کچھ جسم کے اندر ہے سب کو روشنیوں میں ڈوبتا ہوا اس طرح دیکھے کہ یہ مرض جسم سے نکل گیا، اگر مثانہ یا گردہ کی تکلیف ہے تو سینہ سے روشنیوں کو ان حصوں پر عمل انگیز ہوتا ہوا دیکھے اور اگر کوئی عورت بے اولاد ہے تو ان روشنیوں کو اپنے پیٹ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھے اور اللہ جل جلالہ سے اولاد کی امید رکھتے ہوئے **یا اللہ، یا خالقُ، یا باریُ، یا مصورُ** کہہ کر اپنے ہاں بچے کی صورت کو دیکھے اور اگر کوئی ذہنی مریض ہے تو دماغ کو مکمل طور پر سینہ سے نکلنے والی روشنیوں سے روشن گولہ کی صورت میں دیکھے اور اگر ہڈیوں کا مرض ہے، خاص کر **Back Bone** کو سینہ سے نکلنے والی روشنیوں کو ان ہڈیوں سے منور کرتا ہوا دیکھیں، جو انسان یہ مشق کر لیتا ہے تو اس میں سے برائیاں نکل جاتی ہیں، کوئی جادو ٹونہ، کالا علم اور جنات کا اثر نہیں رہتا اور اس پر نظر بد عمل نہیں کرتی۔ **"واللہ علم"**

# ہر قسم کے خوف و خطرہ، آسیب، تعویز، دھاگے اور جادو ٹونے سے نجات کیلئے

1۔ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

2۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

3۔ (درود ابراہیمی تین بار)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ٥ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ٥

4۔ (الحمد شریف تین بار)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۙ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۙ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ٥ ع

5۔ (تین بار آیت الکرسی)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ٥

6۔ (تین بار سورۃ بقرہ کی آخری دو آیتیں)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ٥ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقف وَاغْفِرْ لَنَا وقف وَارْحَمْنَا وقف اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ٥ ع

7- (تین بار سورۃ توبہ کی آخری دو آیتیں)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ۝ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ ۫ۖ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ۝

8- سَلٰمٌ ۟ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ۝ (گیارہ بار)

9- (تین بار سورۃ الکافرون)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ یٰۤاَیُّہَا الۡکٰفِرُوۡنَ ۝ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۝ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۝ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۝ لَکُمۡ دِیۡنُکُمۡ وَلِیَ دِیۡنِ ۝

10- (تین بار سورۃ اخلاص)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ یَلِدۡ ۬ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

11- (تین بار سورۃ فلق)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۝ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۝ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

12- (تین بار سورۃ والناس)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ الۡخَنَّاسِ ۝ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ۝

# ادائیگی روحانی محفل

مسئلہ روزی کا ہو یا شادی کا یا کوئی اور کام سرانجام دینا ہو تو کم از کم 21 مرد یا 21 عورتیں یا دونوں مل کر اجتماعی طور پر ادائیگی روحانی محفل پڑھیں انشاء اللہ وہ کام ہو جائے گا۔قرب اللہ جل جلالہٗ اور قرب رسول ﷺ کیلئے جمعہ کے جمعہ اکیلے یہ محفل پڑھ لیا کریں قرب الٰہی اور قرب رسول ﷺ مل جائے گا

-1 ایک بار سورۃ یٰسین

جہاں سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ○ آئے اسے 11 بار سلامتی کے لئے

اِنَّمَاۤ اَمۡرُہٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ○ 7 بار حاجت روائی کے لیئے

فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ○ 3 بار دنیا سے واپسی پر رحم وکرم کے لیئے پڑھیں

-2 سورۃ فلق اور سورۃ والنّاس 15,15 بار

## اب سب مل کر ایک آواز میں پڑھیں

پناہ کے لئے :۔ سورۃ فلق اور سورۃ والنّاس 15,15 بار

حاجت روائی کے لیئے :۔ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحۡمٰنُ
اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیۡمُ 33 بار

مشکل کشائی کے لیئے :۔ فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ○ اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا ○ 41 بار

5 منٹ کے لئے یا اللہ (جل جلالہ) — "صل اللہ علیہ وسلم" 4 منٹ کے لئے اس محفل میں

4 منٹ کے لئے قبر مبارک نبی کریم ﷺ کے سامنے

4 منٹ کے لئے جالی روضہ رسول ﷺ کے سامنے

5 منٹ کے لیئے **یا نُور** یہ نبی کریم ﷺ کا نام گرامی ہے، یہ پڑھتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے چہرہ مبارک سے نکلنے والے نور کا تصور جاری رہنا چاہیئے۔اب اپنی اپنی دُعا مانگیں انشاء اللہ ہر دُعا اللہ کی رحمت سے قبول ہوگی۔

اب آب شفاء صفحہ نمبر 2 کے مطابق سب مل کر پڑھیں۔اور اب محفل ختم ہے۔

اپنے جسم کو مساج کریں۔اور اپنے اوپر تین پھونکیں ماریں۔تین پھونکیں کاروبار کے لئے۔ تین پھونکیں تعویز دھاگہ کالا علم ختم کرنے کے لئے اور تین پھونکیں گھر میں پڑی ہوئی کھانے پینے کی چیزیں دم کرنے کے لئے۔

اب اجتماعی دعا ہوگی، ایک دعا مانگے گا باقی سب آمین کہیں گے۔

# آبِ شفاء خیر و بَرکت

(روزانہ صبح وشام)

ہر تکلیف، دکھ درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ،
بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

1- برتن میں پانی ڈالیں اور مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر اپنے جسم کو مساج کریں اور پانی پر پھونک ماریں۔ ضرورت کے مطابق پانی ڈالیں اور تین گھونٹ میں پانی پیئں اس پانی میں کوئی دوسرا پانی نہیں ڈالنا، بلکہ ختم ہونے پر نیا پانی تیار کریں۔

3 بار ✸ اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ ○

3 بار ✸ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○

3 بار ✸ درود پاک (ابراہیمی)

3 بار ✸ آئیت الکرسی

ہر ایک میں سات بار وَلَا یَؤُدُہٗ حِفظُہُمَا وَھُوَ العَلِیُّ العَظِیمُ ○

11 مرتبہ سَلٰمٌ قف قَولًا مِّن رَّبٍّ رَّحِیمٍ ○ تین مرتبہ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ، 3 مرتبہ الحمد شریف

**11 مرتبہ درودو سلام اور برکت (لامحدود)**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّم وَ بَارِک عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعلُومٍ لَّکَ دَائِماً اَبَداً ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درود و سلام برکت بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے۔

313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے۔ کیونکہ یہ درود و سلام اور برکت لامحدود ہے

# آیاتِ شفاء

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

**درود ابراهیمی ﴿تین بار﴾**

مندرجہ ذیل آیات ہر ایک تین بار

(10) توبہ (14) وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ○ ﴿پ۱۰ رکوع 7﴾

(11) یونس (57) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ○ هُدًی وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ○ ﴿پ۱۱ رکوع ۶﴾

(14) نحل (69) یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ﴿پ۱۴ رکوع 15﴾

(15) بنی اسرائیل (82) وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿پ۱۵ رکوع ۹﴾

(19) شعراء (80) وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ○ ﴿پ۱۹ رکوع ۵﴾

(24) حم السجدہ (44) قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ﴿پ۲۴ رکوع 18﴾

**الحمد شریف ایک بار بمعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ**

ان آیات کو پڑھ کر مریض اپنے آپ پر اور پانی پر پھونکیں اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے یہ پانی ہر مرض کے لئے نافع ہے۔

## مریضوں کیلئے

21 بار یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

21 بار یَامُهَیْمِنُ یَاحَفِیْظُ

21 بار یَاقَوِیُّ یَاعَزِیْزُ

21 بار یَاسَلَامُ یَاسَلَامُ یَاسَلَامُ

# سجدہ فقیری

اللہ جل جلالہ سے مانگنے والا فقیر رات کے ایک بجے کے بعد نہیں سوتا۔ وہ اپنی کمر زمین پر نہیں لگاتا ستاروں کو دیکھتا رہتا ہے فجر سے بہت پہلے ستارے ایک ایسے مقام پر پہنچ جاتے ہیں جب موسم انتہائی معتدل ہو جاتا ہے گرمیوں میں اس وقت گرمی کا احساس ختم ہو جاتا ہے۔ سردیوں میں سردی کا احساس نہیں ہوتا معلوم ایسے ہوتا ہے کہ ساری کائنات سمٹ گئی ہے یہی وقت ہے کہ فقیر اللہ جل جلالہ سے صدا لگاتا ہے۔ "سوہنیار با سوہنا وقت آیا اے کر کرم نوازیاں" ہر فقیر کے مانگنے کے اپنے اپنے الفاظ ہیں اس وقت جو کچھ مانگا جاتا ہے تو اسے دے دیا جاتا ہے یہی وقت قبولیت کا ہے اس وقت کا مانگا ہوا کبھی واپس نہیں لوٹایا جاتا ویسے بھی جو کچھ سجدے میں مانگا جاتا ہے قبول کیا جاتا ہے آپ بھی اس وقت ایک سجدہ کر کے اللہ جل جلالہ سے اپنی حاجت کو پورا کروا سکتے ہیں اور جس نے بھی اس طرح سے مانگا ہے تو اس کو دیا گیا ہے۔

لوگوں نے اس طرح سے پاکستان میں مانگا تو ان کو نتیجہ ہزاروں میل دور رہنے والوں کو مل گیا۔ کئی مریضوں کے آپریشن ہونے تھے لیکن ایک سجدہ میں مانگنے سے مریض مرض سے نجات پا گیا۔ کسی طرح بھی حاجت روائی نہ ہوئی تو ایک سجدہ سے حاجت روائی ہو گئی طریقہ یہ ہے اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلے جائیں اور پڑھیں۔

1۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی 7 مرتبہ۔ 2۔ اِنَّہٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ ٥ 11 مرتبہ (سورت سباء آیت نمبر 50)

3۔ لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ 11 مرتبہ اور سجدہ میں ہی اپنی حاجت مانگ لیں۔

## سجدہ فقیری کا وقت اور وجہ قبولیت

اہلسنت کی مسجد میں جتنے بجے جماعت نماز فجر کیلئے کھڑی ہوتی ہے اس سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے جب راتیں چھوٹی ہوں اور دو گھنٹہ پہلے جب راتیں بڑی ہوں اور یہ وہ وقت ہے جب اللہ جل جلالہ پہلے آسمان سے اپنی مخلوق سے ہم کلام ہوتا ہے۔

حدیث کا بیان اسطرح ہے۔

ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں، ہے کوئی بیمار کہ میں اسے شفاء دوں، ہے کوئی رزق کا مارا ہوا کہ اسے رزق دوں، ہے کوئی معافی مانگنے والا کہ میں اسے معاف کروں، ہے کوئی پریشان حال کہ میں اسکی پریشانی دور کروں، ہے کوئی حاجت مانگنے والا کہ اسکی حاجت پوری کروں۔ اور یہ سلسلہ اللہ جل جلالہ کی ندا کا فجر کی نماز سے پہلے ختم ہو جاتا ہے یقیناً جو کوئی بھی اللہ جل جلالہ کی ندا میں آ جائے گا اسکی حاجت روائی ہو جائے گی فقیر اس وقت مانگنے سے غفلت نہیں کرتا آپ سے درخواست ہے کہ اللہ جل جلالہ سے مانگنے والے فقیر بن جاویں۔ سجدے میں مانگنے میں دوسرا راز یہ ہے کہ اللہ جل جلالہ بندے کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے اور تیسرا راز یہ ہے کہ جو سجدہ میں پڑھا گیا یہ انتہائی اعلیٰ اور قرابت کا ذریعہ ہے۔

سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کہہ کر تعریف کی اِنَّہٗ سَمِیْعٌ قَرِیْبٌ کہہ کر قرب حاصل کیا اور لَبَّیْکَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْکَ کہہ کر حاضری لگوائی اور سجدہ میں دعا کی تو منظوری کا ذریعہ بن گیا۔

اللہ اکبر کہہ کر بیٹھ جاویں دعا کیلئے ہاتھ اٹھائیں اور الحمد شریف پڑھ کر وہی دعا مانگیں جو سجدہ میں مانگی تھی یاد رکھیں کہ الحمد شریف کی پہلی آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہے اس کے بغیر کبھی بھی الحمد شریف نہ پڑھا کریں ویسے بھی جو اکیس بار الحمد شریف پڑھتا ہے اسکی حاجت روائی ہو جاتی ہے۔ اس کا راز اس بات میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بیان کیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ تو اللہ جل جلالہ فرماتا ہے کہ اے بندے جو تو نے مانگا دے دیا گیا یہاں نتیجہ اللہ جل جلالہ پر چھوڑ دینا چاہیئے کیونکہ وہ جو کچھ بھی دے گا وہ، وہ ہوگا جو تیرے لیئے بہتر ہے۔

التماس ہے کہ جب کسی طریقہ سے بھی دعائیں قبول نہ ہو رہی ہوں تو اللہ جل جلالہ کو یہی سجدہ کریں اور اپنی مرادیں پائیں۔ انشاء اللہ دعائیں قبول ہوں گی۔

# قیامت کے دن سجدہ

جو دنیا میں رہ کر سجدہ نہیں کرتا تو وہ قیامت کے دن اللہ جل شانہ کو سجدہ نہیں کر سکے گا اللہ تعالیٰ نے اس کا ذکر قرآن پاک میں کیا ہے۔

(29) قلم (42) جس روز ایک ساق سے پردہ اٹھایا جائے گا تو ان کو سجدہ کی دعوت دی جائے گی تو اس وقت وہ سجدہ نہ کر سکیں گے۔

**یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّیُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ ۝لا**

(43) ندامت سے ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی ان پر ذلت چھا رہی ہوگی حالانکہ انہیں (دنیا میں) سجدہ کی طرف بلایا جاتا تھا جب کہ وہ صحیح سلامت تھے۔

**خَاشِعَۃً اَبْصَارُھُمْ تَرْھَقُھُمْ ذِلَّۃٌ ط وَقَدْ کَانُوْا یُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ وَھُمْ سٰلِمُوْنَ ۝**

(44) پس آپ (ﷺ) مجھے اور اسے جو اس کتاب کو جھٹلاتا ہے چھوڑ دیجئے ہم انہیں بتدریج اس طرح تباہی کی طرف لے جائیں گے کہ انہیں علم تک نہ ہوگا۔

**فَذَرْنِیْ وَمَنْ یُّکَذِّبُ بِھٰذَا الْحَدِیْثِ ط سَنَسْتَدْرِجُھُمْ مِّنْ حَیْثُ لَا یَعْلَمُوْنَ ۝**

(45) اور میں نے (سردست) انہیں مہلت دے رکھی ہے میری (خفیہ) تدبیر بڑی پختہ ہے۔

**وَاُمْلِیْ لَھُمْ ط اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْنٌ ۝**

(29) مرسلٰت (47) اس روز جھٹلانے والوں کے لیئے تباہی ہوگی۔

(48) اور جب ان سے کہا جاتا ہے اپنے رب جل جلالہ کے سامنے جھکو تو نہیں جھکتے۔

(49) اس روز جھٹلانے والوں کے لیئے تباہی ہوگی۔

(50) آخر کس بات پر وہ اس کتاب کے بعد ایمان لائیں گے۔

(30) علق (19) ہاں ہاں اس کی ایک نہ سنیئے (اے حبیب ﷺ) سجدہ کیجئے اور (ہم سے اور) قریب ہو جایئے۔

**کَلَّا ط لَا تُطِعْہُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝ ع**

جو دنیا میں رہ کہ سجدہ نہیں کرتا رسول ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ قیامت کے دن وہ جھکنا چاہے گا تو وہ جھک نہیں سکے گا، اس کی کمر تختہ بن جائے گی، دوسری جگہ اس طرح فرمایا کہ اس کے جسم میں دھات کی سلاخ آجائے گی تو وہ جھک نہیں سکے گا۔

اب خود ہی فیصلہ کرلیں کہ کیا آپ قیامت کے دن اپنے رب عظیم کو سجدہ نہیں کرنا چاہتے؟ آپ سے التماس ہے کہ قیامت کے سجدے کے لئے آپ ایک نماز سے ہی زندگی کا آغاز کرلیں، اللہ تعالیٰ جل جلالہ دوسری نمازوں کی بھی توفیق دے دے گا۔

# مراقبہ نور اسم اللہ (جل جلالہ)

اللہ جل جلالہ کائنات کا مالک ہے۔ ہر چیز اس کے قبضہ قدرت میں ہے، سنتا ہے، دیکھتا ہے۔ ہر جگہ موجود ہے بے مثل ہے بے مثال ہے۔ زندگی اور موت اسی کے ہاتھوں میں ہے۔ شہ رگ، سانسوں سے اور نفس سے بھی زیادہ قریب ہے اس کی آنکھ سب کو دیکھتی ہے اور سب کی آنکھیں اسے نہیں دیکھ سکتیں ہماری تمام باتوں سے، تصورات سے، عقل اور شعور سے بالاتر ہے۔ اسے اللہ جل جلالہ کہہ دینا ہی کافی ہے، ہر چیز اس کے گھیرے میں ہے۔ اللہ جل جلالہ کسی کے گھیرے میں نہیں بے نیاز ہے نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا ہے اس کے سارے نام حسین وجمیل ہیں اسے انہی ناموں سے پکارا کرو۔ وہ رحمٰن جل جلالہ، رحیم جل جلالہ، مالک جل جلالہ، قدوس جل جلالہ، سلام جل جلالہ ہے ..............

مراقبہ نور اسم جل جلالہ ہی ہر خیر و برکت کیلئے ہے اور اسم اللہ جل جلالہ کا ذکر ہی سب کچھ ہے۔

| یا اَللّٰہُ | (اے معبود) | (اسم ذات 66) | صاحب یقین ہونا۔ یادالٰہی کی طرف مائل ہونا۔ حاکم کا نرم خواور |
|---|---|---|---|

مہربان ہونا۔ دل سے شکوک وشبہات دور ہونا۔ لاعلاج مریض کا صحت یاب ہونا۔ برائی سے بچنا۔ قلب کا عارضہ جاتے رہنا۔ تمام امور آسان ہونا۔ عشق الٰہی کا ملنا۔ خوف وڈر سے نکلنا۔ صاحب کشف اور صاحب باطن ہونا۔

1.1/2 x 1.1/2 فٹ پیلے رنگ کی پلاسٹک پلیٹ لیں اور اس پر اسم اللہ (جل جلالہ) رائل بلیو کلر سے پینٹر سے لکھوا کر 6 فٹ سے 8 فٹ کے فاصلے پر لٹکا لیں۔ پیلا رنگ روح کو ظاہر کرتا ہے اور نیلا رنگ جسم کے اندر ہر چیز کے علاج کیلئے ہے۔

1۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) کو سامنے دیکھتے رہیں اور زبان یا دل سے کچھ نہ بولیں اس سے نکلنے والی روشنیوں کو اپنے اندر سموتے جائیں۔ (ایک یا دو منٹ)

2۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) کو اسی جگہ دیکھتے ہوئے رُک رُک کر آواز کے ساتھ ''اللہ'' (جل جلالہ) کہتے جائیں (ایک یا دو منٹ)

بغیر آواز کے اللہ (جل جلالہ) دل میں رُک رُک کر کہتے جائیں۔ (ایک یا دو منٹ)

3۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے نکلنے والی روشنی کو اپنے پورے جسم کے اندر ہر دفعہ داخل ہوتے ہوئے دیکھنے پر آواز کے ساتھ اللہ (جل جلالہ) کہتے جائیں (ایک یا دو منٹ)

یہی عمل اب بغیر آواز کے دل کے اندر (اللہ جل جلالہ) کہتے جائیں (ایک یا دو منٹ)

4۔ اب اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے نکلنے والی روشنی سر کے اوپر گردن تک پڑتی جائے جس سے سر اور گردن روشن ہو جائیں اور ہر چمک سے جسم کا نیچے کا حصہ روشن ہوتے ہوئے بھی دیکھتے جائیں، ہر چمک کے ساتھ رُک رُک کر اللہ (جل جلالہ) آواز کے ساتھ کہتے جائیں (ایک یا دو منٹ)

یہی عمل اب بغیر آواز کے اللہ اللہ (جل جلالہ) کہتے ہوئے دہرائیں۔ (ایک یا دو منٹ)

5۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے نکلنے والی روشنی کو بار بار اپنے دھڑ پر پڑتے ہوئے دیکھتے جائیں اور رک رک کر آواز کے ساتھ اللہ اللہ (جل جلالہ) کہتے جائیں۔ پہلے دھڑ کو روشن ہوتے ہوئے دیکھیں پھر گردن، سر اور نچلا حصہ بھی روشن ہوتے ہوئے دیکھیں۔ (ایک یا دو منٹ)

یہی عمل بغیر آواز کے دہرائیں (ایک یا دو منٹ)

6۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے بار بار نکلنے والی روشنیاں اپنے کولہے اور ٹانگوں پر پڑتے ہوئے دیکھیں جن سے یہ روشن ہو رہی ہیں کولہے اور ٹانگوں پر پڑنے والی روشنیوں سے دھڑ اور سر کو بھی روشن ہونے دیں۔ اور رُک رُک کر آواز کے ساتھ اللہ اللہ (جل جلالہ) کہتے جائیں۔

یہی عمل بغیر آواز کے دہرائیں (ایک یا دو منٹ)

7۔ اب اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے نکلنے والی روشنیوں کو پورے جسم کو چمکاتے ہوئے دیکھتے جائیں اور پورے جسم کو روشن ہونے دیں اور رُک رُک کر اللہ (جل جلالہ) کہتے جائیں (ایک یا دو منٹ)

یہی عمل بغیر آواز کے دہرائیں (ایک یا دو منٹ)

8۔ سامنے سے نظر ہٹا دیں۔ اپنے اندر اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) کو نیلے رنگ میں چمکتا ہوا دیکھیں، آنکھیں کھلی رہیں۔ اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) کو دیکھتے ہوئے رُک رُک کر آواز کے ساتھ اللہ (جل جلالہ) کہتے جائیں اور جسم کے اندر سے روشنیوں کو باہر نکلتے ہوئے بھی دیکھیں (ایک یا دو منٹ)

یہی عمل بغیر آواز کے دہرائیں (ایک یا دو منٹ)

9۔ آنکھیں بند کر لیں اسم ''اللہ'' (جل جلالہ) سے نکلنے والی روشنیوں کا مشاہدہ کریں۔ زبان سے یا دل سے اللہ (جل جلالہ) نہیں کہنا دل کہتا ہے تو کہنے دیں پورے جسم کو روشنیوں میں ڈوبنے دیں اپنے جسم کو روشنیوں میں بدلتے ہوئے اور ختم ہوتے ہوئے دیکھیں حتیٰ کہ پورا جسم روشنیوں کا گولہ بن جائے۔ ان روشنیوں میں اور زیادہ ڈوب جائیں اور اپنے اردگرد صرف نیلی روشنیوں کو دیکھیں اپنے اندر اتنا ڈوب جائیں کہ زمین و آسمان اور اردگرد کی ہر چیز نیلی روشنیوں میں پائیں۔ سکون میں چلے جائیں اور سکون میں چلے جائیں، اس مراقبہ میں ڈوبنے میں اپنے وجود کو ختم ہوتے ہوئے دیکھیں کہ سوائے نیلی روشنیوں کے اور کچھ نہیں رہا اور سو جائیں۔

اس کیفیت سے باہر نکلنے کیلئے آہستہ آہستہ ''سَلٰمٌ'' قف **قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ o** کہتے جائیں اور آنکھیں کھول لیں۔

سفید روشنی سات رنگوں سے بنتی ہے۔ سات رنگ "Vibgyor" (قوس قزاح) کے ہیں۔

1۔ Violet 2۔ Indigo 3۔ Blue 4۔ Green 5۔ Yellow 6۔ Orange 7۔ Red

جسم کے اندر روشنیوں کے لحاظ سے سات ٹرانسفارمر ہیں جن کو Chakra کہا جاتا ہے، نیلی روشنیاں جسم کے اندر ہر خرابی کو دور کرتی ہیں۔ سبز روشنیاں آنکھوں کی سرخ روشنیاں کم بلڈ پریشر کو بڑھاتی ہیں اور Indigo روشنیوں کا مراقبہ بے اولاد عورتوں کیلئے انتہائی مفید ہے۔

اگر کوئی دل کا مریض ہو تو روشنیوں کو سینہ سے دل کی طرف بڑھتا ہوا دیکھے کہ وہ ان روشنیوں سے ٹھیک ہو رہا ہے، اگر جِگ کھانسی کا مریض ہو تو روشنیوں وک سینہ سے پھیپھڑوں کے اندر بھرتا ہوا دیکھے، اگر شوگر کا مریض ہے تو روشنیوں کو پورے جسم اور جو کچھ جسم کے اندر ہے سب کو روشنیوں میں ڈوبتا ہوا اس طرح دیکھے کہ یہ مرض جسم سے نکل گیا، اگر مثانہ یا گردہ کی تکلیف ہے تو سینہ سے روشنیوں کو ان حصوں پر عمل انگیز ہوتا ہوا دیکھے اور اگر کوئی عورت بے اولاد ہے تو ان روشنیوں کو اپنے پیٹ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھے اور اللہ جل جلالہ سے اولاد کی امید رکھتے ہوئے **یا اللہ، یا خالقُ ، یا باریُ ، یا مصورُ** کہہ کر اپنے ہاں بچے کی صورت کو دیکھے اور اگر کوئی ذہنی مریض ہے تو دماغ کو مکمل طور پر سینہ سے نکلنے والی روشنیوں سے روشن گولہ کی صورت میں دیکھے اور اگر ہڈیوں کا مرض ہے، خاص کر Back Bone کو سینہ سے نکلنے والی روشنیوں کو ان ہڈیوں سے منور ہوتا ہوا دیکھیں، جو انسان یہ مشق کر لیتا ہے تو اس میں سے برائیاں نکل جاتی ہیں، کوئی جادو ٹونہ، کالا علم اور جنات کا اثر نہیں رہتا اور اس پر نظر بد عمل نہیں کرتی۔ ''**واللہ علم**''


التجا گو **رانا ذوالفقار علی** خادم امام برّی شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ

موبائل: 0300-9612209 ۔ 0321-6147630


**Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.**

# خاوند کو راہ راست پر لانے۔ ہر نفرت سے بچنے اور سسرال میں عزت پانے کیلئے وظائف

عورت کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اسکی شادی ہونے کے بعد کی زندگی کوئی فلمی دنیا کی زندگی کی طرح نہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے جس کا علم لڑکی کو شادی ہو جانے کے بعد ہی ہوتا ہے۔ چاہے شادی محبت کی ہو یا ماں باپ کی مرضی سے اپنوں میں ہو یا غیروں میں، بچی اپنی ماں سے ہی پوچھ لے کہ اس کے کتنے سال اپنے سسرال میں اپنا مقام بنانے کیلئے گزرے۔ آج کل جو کچھ بھی ہو رہا ہے سب کے سامنے عیاں ہے شادی سے پہلے خوب وظائف پڑھے جاتے ہیں۔ لڑکی کو علم ہوتا ہے کہ اس کے ہونے والے خاوند کے کتنے بہن بھائی ہیں۔ شادی کے بعد لڑکی کا وظیفہ ہی بدل جاتا ہے۔ ساس، سسر مرتے نہیں، دلہا کے بہن بھائیوں سے جان چھوٹتی نہیں۔ یہ نہ سوچا کہ خاوند کے ماں باپ نے اپنے بیٹے کو کس طرح پالا، پڑھایا اور کون کون سی تکلیفیں اٹھائیں۔ ابھی لڑکی چند ماہ ہوئے گھر میں داخل ہوئی کہ علیحدگی مانگ لی۔

موبائل کے غلط استعمال نے خاندان کے خاندان تباہ کر دیئے ہیں۔ شادی سے پہلے لڑکے، لڑکیاں موبائل پر لغو باتیں اور انڈیا کے ڈراموں کی وجہ سے تباہ ہو رہے ہیں، کردار نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہی۔ شادی کے بعد ہر دن لڑکی کی ماں سسرال میں ہونے والی ہر بات سے آگاہ ہے، گھریلو لڑائیاں اس حد تک بڑھ گئی ہیں کہ آئے دن طلاقیں ہو رہی ہیں صبر والی بات تو نظر نہیں آ رہی، خاوند کی دلچسپیاں بھی عجیب وغریب رنگ دکھا رہی ہیں۔ اگر کوئی عورت چاہتی ہے کہ اس کا گھر اچھی طرح بسے اور اس کا خاوند کسی غیر عورت کو نظر بد سے نہ دیکھے، زنا، شراب سے بچے اور گھر میں مار کٹائی اور بکواس نہ ہو تو اللہ جل جلالہ سے آیات قرآنی اور اسمائے الحسنٰی سے مدد لی جائے۔

جب کسی انسان سے برائی شروع ہوتی ہے تو یہ دماغ سے ریڑھ کی ہڈی کے گردن کے پاس مہرہ میں اکٹھی ہوتی ہے اور جب یہ بڑھتی ہے تو اس سے ریڑھ کی ہڈی پیٹھ کے نچلے مہرہ تک بھر جاتی ہے اور جب یہ اور زیادہ ہوتی جاتی ہے تو سینہ کے پنجرے کی ہڈیوں میں اکٹھی ہو جاتی ہے اور پھر سامنے والا سینہ تمام گندگی سے بھر جاتا ہے۔ پھر ایسے شخص کو برائی اچھی لگتی ہے، وہ شیطان کا ساتھی بن جاتا ہے، اسے غیر عورت، زنا، شراب اچھا لگتا ہے۔

اللہ جل جلالہ فرماتے ہیں کہ ......... تمہارے سینہ کے اندر جو کچھ چھپا ہوا ہے اس سے میں خوب واقف ہوں، ایسی صورت میں مرد کی زبان کھل جاتی ہے، ہاتھ اٹھنے لگتے ہیں، اٹھتے بیٹھتے لڑائی جنم لیتی ہے، معمولی سی بات پر طلاق

۔طلاق ۔طلاق کے الفاظ اور دھمکیاں شروع ہو جاتی ہیں ۔ایسے وقت میں مرد کو تھوڑی سی شہہ اپنے گھر والوں سے ملتی ہے ،معاملہ ختم ہو جاتا ہے اور گھر برباد ہو جاتا ہے۔

عورت کیلئے ایک ہی ذات اللہ جل جلالہ باقی رہ جاتی ہے جہاں سے کبھی بھی ناطہ نہیں ٹوٹنا چاہیئے ،بہتر یہی ہے کہ ایسا وقت آجانے سے پہلے ہی عورت اپنے رب جل جلالہ کے ذکر میں آجائے **''یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیتُ''** 500 بار روزانہ عام طور پر پڑھا جائے لیکن حالات بگڑ جائیں تو یہ تعداد 1100 بار روزانہ ہے۔

## اس کیلئے مندرجہ ذیل وظائف کیئے جائیں

1۔ اللہ جل جلالہ سے پناہ:۔ رب باری تعالیٰ نے قرآن کو سورۃ فلق اور سورۃ والناس میں ختم کیا ہے۔رسول ﷺ کبھی بھی اللہ جل جلالہ سے پناہ لیئے بغیر کبھی نہیں سوئے۔آپ ﷺ سورۃ اخلاص ،سورۃ فلق اور سورۃ والناس پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارتے اور اپنے جسم مبارک کو جہاں جہاں آپ کے ہاتھ پہنچ سکتے تھے مساج کرتے ، یہ عمل آپؐ رات کو سوتے وقت تین بار دہراتے ،حقیقت یہ ہے کہ جس کو اللہ جل جلالہ کی پناہ مل گئی اس کے مسائل حل ہو گئے۔روزانہ صبح کی نماز کے بعد کم از کم درود پاک اول و آخر تین بار 21 بار سورۃ فلق اور 21 بار سورۃ والناس کا وظیفہ کیا کریں زندگی کی تمام راہیں آسان ہو جائیں گی۔

2۔ حاجت روائی کیلئے:۔کسی ایک نماز کے بعد **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ**

(اے اللہ جل جلالہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔ 101 بار روزانہ۔

مسلم شریف میں بیان ہے کہ رسول ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ جب بندہ کہتا ہے **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** تو اللہ جل جلالہ اس کے جواب میں بندے سے کہتا ہے اے بندے جو تم نے مانگا ہم نے تمہیں دے دیا اس سے بڑی سعادت کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ جل جلالہ اس کی دعا کو قبول کر لیتا ہے، ویسے بھی جو بندہ 41 بار روزانہ کسی ایک نماز کے بعد یا سنتوں اور فرضوں کے درمیان الحمد شریف پڑھتا ہے تو اس کی حاجت پوری کر دی جاتی ہے۔

3۔ نفرتوں سے بچنے کیلئے:۔ 17، سورۃ انبیاء، آیت نمبر 69 **قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ o** لا 101 بار روزانہ۔ ہم نے فرمایا اے آگ! تو ابراہیمؑ پر ٹھنڈی اور سراپا سلامتی ہو جا۔

انسان کے اندر دشمنی کی نفرت ہو یا بدلہ لینے کی ، یہ ایک قسم کی آگ ہے،تعویز دھاگہ وغیرہ بھی ایک قسم کی آگ ہے گھروں میں ہونے والی لڑائیاں یہ بھی آگ ہیں۔ بچے جو ماں باپ کے ساتھ جو بدتمیزی کرتے ہیں تو وہ بھی آگ ہے۔اللہ جل جلالہ نے

ابراہیمؑ کی آگ کو ٹھنڈا کر دیا ور سلامتی والا بنا دیا تو جو کوئی یہ آیت **قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰۤی اِبْرٰھِیْمَ o لا** روزانہ 101 بار پڑھتا ہے اس کا گھر آباد ہو جاتا ہے اور نفرتیں ہمیشہ کیلئے ختم ہو جاتی ہیں۔ نہ اترنے والا بخار بھی اس آیت کریمہ کے ورد سے ختم ہو جاتا ہے۔

4۔ ہر قسم کے داؤ پیچ سے بچنے کیلئے، سسرال کے عتاب اور طلاق سے بچنے کیلئے:۔

(۳۰)طارق(۱۵) **اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا o لا** (۱۶) **وَّاَ کِیْدُ کَیْدًا o** ج صلے **101** بار روزانہ۔

(۱۵) بے شک وہ (کافر) پر فریب تدبیروں میں لگے ہوئے ہیں (۱۶) اور میں اپنی تدبیر فرما رہا ہوں

گھروں میں ہوں یا دفتروں میں یا جہاں کہیں بھی اگر کوئی منصوبہ یا منصوبے کسی کو برباد کرنے کے بنائے جارہے ہوں تو ان آیات کے وظیفہ سے وہ ختم ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی کوئی بھی تدبیر اللہ جل جلالہ کے مقابلہ میں نہیں چلتی یہ وظیفہ کسی ایک نماز کے بعد 101 بار روزانہ کیا جائے۔

5۔ ’’ **یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ** ‘‘ 500 بار روزانہ عام طور پر پڑھا جائے لیکن حالات بگڑ جائیں تو یہ تعداد 1100 بار روزانہ ہے۔

**یَا بَرُّ** (اے نیکوکار، اے صدا سچ بولنے والے، اے احسان کرنے والے) مشکلوں کا آسان ہونا۔ نیکی کا جذبہ پیدا ہونا۔ خوش اخلاق بننا۔ نیک خصلت ہونا۔ بری عادتوں سے نجات ملنا۔ شرابی زانی کا گناہوں سے نکل جانا۔ بچے کا تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ ہونا۔ بچے پر پڑھ کر دم کریں تو جوان ہونے تک ہر آفت اور مشکل سے بچے رہنا اور نیک خصلت بننا۔

**یَا مَانِعُ** (اے روکنے والے، اے منع کرنیوالے) بُری عادتوں کا ختم ہونا۔ گناہوں سے نکل جانا۔ نگاہوں کی خیانت سے بچنا۔ نفس امارہ اور شیطانی وسوسوں سے چھٹکارا ملنا۔ حاسدوں سے بچنا۔ سکون قلب ملنا۔ دشمنوں، برائیوں، مصیبتوں اور مشکلات سے بچے رہنا۔ میاں بیوی کی لڑائی، خفگی، غصے کا ختم ہونا۔ باہمی زندگی کا امن، خوشحالی، محبت اور خوشیوں سے معمور ہونا۔

**یَا مُمِیْت** (اے مارنے والے) نقصانات اور مشکلات سے بچنا۔ نفس کا تابع ہونا۔ نیکی میں بڑھنا۔ جادو سے محفوظ ہونا۔ عبادت کا شوق پیدا ہونا۔ دشمنوں کا ناکام ہونا۔ بُری عادات کا ختم ہونا۔ بچے کا نظر لگنے سے بچنا۔ بغیر حساب جنت میں داخل ہونا۔

یہ تینوں نام اللہ جل جلالہ کے نام ایسے ہیں کہ عورت پڑھے تو خاوند راہ راست پر آجائے اور مرد پڑھے تو عورت راہ راست پر آجائے۔ باقی اللہ جل جلالہ کے ناموں کی برکت عموماً اس طرح ہے کہ جو پڑھے گا اسے نتیجہ مل جائے گا۔ جو نہیں پڑھتا وہ پیچھے

رہ جاتا ہے، یادرکھیں اگر ماں باپ دن رات اپنے بچوں کیلئے دعائیں مانگیں تو بچوں کو 100 میں سے صرف 5 نمبر ملتے ہیں۔اللہ جل جلالہ ماں باپ سے پوچھتا ہے کہ جن بچوں کیلئے تم دعائیں کرتے ہو کیا ہم ان کے رب جل جلالہ نہیں ہیں؟ بچے ہم سے خود کیوں نہیں مانگتے۔کیا ہم نے ان کو دل، ہاتھ، پاؤں، عقل نہیں دی؟ کیا انہوں نے واپس ہمارے پاس نہیں آنا ،جب بچے خود اللہ جل جلالہ سے مانگتے ہیں تو رب کریم ان کو چاہے ہزار گُنا دے دیں۔اللہ جل جلالہ کو زیادہ دینے سے کون روک سکتا ہے۔

**یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیۡتُ** عورت کے پڑھنے سے دوسرا کام یہ ہوتا ہے کہ اس کے اندر کی گندگی، گھٹیا سوچ وغیرہ بھی خود بخود ختم ہو جاتی ہے اور اس کے مرد کو بھی اس سے فائدہ ہوتا ہے۔یہ وظیفہ روزانہ پڑھنے سے جو کام 2 سال میں ہوتا ہے وہی کام دو ماہ میں سرانجام پاسکتا ہے۔اگر کوئی عورت اس وظیفہ کو 1100 بار روزانہ کرے اور چاہے کہ اس کا خاوند برائیوں سے پاک وصاف ہو جائے تو کم از کم ایک ماہ میں 3 دن اپنے خاوند کے ساتھ مطابقت کرے۔اس کے نتیجے میں اس کے خاوند کے اند چھپی ہوئی سینہ کے اندر حرص وہوس نکل جائے گی۔ نفرتیں ختم ہو جائیں گی، وہ نہ غیر عورتوں کی طرف رجوع کرے گا اور برائیوں سے بھی بچ جائے گا۔

**(6) میاں بیوی کے تعلقات کیلئے اللہ جل جالہ کے سات ناموں کا وظیفہ انتہائی کارگر ہے**

**یَا رَحِیۡمُ۔یَا مُؤۡمِنُ۔یَا وَلِیُّ۔ یَا وَدُوۡدُ۔ یَا وَاجِدُ۔ یَا رَءُوۡفُ۔ یَا ذُوالۡجَلَا لِ وَالۡاِکۡرَامِ۔**

101 بار روزانہ۔

(7) اکیلے **یَا رَءُوۡفُ** 1100 بار روزانہ پڑھنے سے بھی خاوند کی زندگی بدل جاتی ہے اور قرب الٰہی بھی مل جاتا ہے۔ مرد ہو یا عورت۔

(8) جو انسان چاہتا ہے کہ ان کی گندی فلم قیامت کے دن نہ چلے تو وہ صبح وشام آب شفاء پڑھیں اور عشاء کی نماز کے بعد 1100 بار روزانہ **یَا اَللّٰہُ۔ یَا رَحۡمٰنُ۔ یَا رَحِیۡمُ**۔کا وظیفہ کریں اور دن کے وقت یہی الفاظ **یَا اَللّٰہُ۔ یَا رَحۡمٰنُ۔ یَا رَحِیۡمُ**۔بغیر گنے کثرت سے دل کے اندر زبان ہلائے بغیر 3 ماہ اور 25 دن کیلئے پڑھیں انشاء اللہ انہیں رب کریم جل جلالہ کی طرف سے راستہ مل جائے گا۔بعد میں اس وظیفہ کو 313 بار یا 101 بار روزانہ پڑھتے رہیں۔


التجا گو: رانا ذوالفقار علی خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret) موبائل: 0300-9612209 0321-6147630

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ





*Printed By: Al-Syed & AS Printers* Tel: 052-4589888

# رزق اور کشائشِ رزق کیلئے

اللہ جل جلالہ ہی رازق ہے اسے کسی رزق کی طلب نہیں کائنات کی ہر چیز اس کی محتاج ہے اور وہ کسی کا محتاج نہیں، نہ انسان اللہ جل جلالہ کی اجازت کے بغیر پیدا ہوا ہے اور نہ ہی اس کی اجازت کے بغیر مرے گا۔

(22) فاطر (15) **یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰہِ ج وَاللّٰہُ ھُوَالْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ o**

اے لوگو! تم سب اللہ جل جلالہ کے محتاج ہو اور اللہ جل جلالہ ہی بے نیاز سزاوارِ حمد وثنا ہے۔

(12) ھود (6) اور زمین میں کوئی چلنے پھرنے والا (جاندار) نہیں ہے مگر (یہ کہ) اس کا رزق اللہ جل جلالہ (کے ذمۂ کرم) پر ہے اور وہ اس کے ٹھہرنے کی جگہ کو اور اس کے امانت رکھے جانے کی جگہ کو (بھی) جانتا ہے ہر بات کتاب روشن (لوح محفوظ) میں (درج) ہے۔

## اللہ جل جلالہ ان جانوروں کو بھی رزق دیتا جو کوئی کام نہیں کرتے۔

(20) عنکبوت (60) اور کتنے ہی جانور ہیں جو اپنی روزی (اپنے ساتھ) نہیں اُٹھائے پھرتے۔ اللہ جل جلالہ انہیں بھی رزق عطا کرتا ہے اور تمہیں بھی اور وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔ **اَللّٰہُ یَرْزُقُھَا وَاِیَّاکُمْ ز صلے وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ o**

## اللہ جل جلالہ کی عبادت کرو اسی سے رزق مانگو اور بہتر انجام کی توقع کرو۔

(16) طٰہٰ (132) اور آپ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم فرمائیں اور اس پر ثابت قدم رہیں ہم آپ سے رزق طلب نہیں کرتے (بلکہ) ہم آپ کو رزق دیتے ہیں اور بہتر انجام پرہیزگاری کا ہی ہے۔

## اللہ جل جلالہ کے علاوہ کوئی رزق دینے والا نہیں۔

(29) ملک (21) بھلا کوئی ایسا ہے جو تمہیں رزق دے سکے اگر (اللہ جل جلالہ تم سے) اپنا رزق روک لے؟ بلکہ وہ سرکشی اور (حق سے) نفرت میں مظبوطی سے اڑے ہوئے ہیں۔

(20) عنکبوت (17) تم تو اللہ جل جلالہ کے سوا بتوں کی پوجا کرتے ہو اور محض جھوٹ گھڑتے ہو۔ بیشک تم اللہ جل جلالہ کے سوا جن کی پوجا کرتے ہو وہ تمہارے لیئے رزق کے مالک نہیں ہیں، پس تم اللہ جل جلالہ کی بارگاہ سے رزق طلب کیا کرو اور اسی کی عبادت کیا کرو اور اسی کا شکر بجالایا کرو تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔

(24) مومن (13) وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور تمہارے لیئے آسمان سے رزق اتارتا ہے اور نصیحت وہی قبول کرتا ہے جو رجوع (الی اللہ) میں رہتا ہے۔

## اللہ جل جلالہ کی رزق حلال کی تلقین۔

(7) مائدہ (88) اور جو حلال پاکیزہ رزق اللہ نے تمہیں عطا فرمایا ہے اس میں کھایا کرو اور اللہ جل جلالہ سے ڈرتے رہو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔

## اگر اللہ جل جلالہ سب انسانوں کیلئے روزی کشادہ فرما دیتا تو یہ کارخانۂ حیات صحیح طور پر نہ چلتا۔

(25) شوریٰ (27) اور اگر اللہ جل جلالہ اپنے تمام بندوں کیلئے روزی کشادہ فرما دے تو وہ ضرور زمین میں سرکشی کرنے لگیں لیکن وہ (ضروریات کے) اندازے کے ساتھ جتنی چاہتا ہے اتارتا ہے۔ بیشک وہ اپنے بندوں (کی ضرورتوں) سے خبردار ہے خوب دیکھنے والا۔

**وَلَوْ بَسَطَ اللّٰہُ الرِّزْقَ لِعِبَادِہٖ لَبَغَوْا فِی الْاَرْضِ وَلٰکِنْ یُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا یَشَآءُ ط اِنَّہٗ بِعِبَادِہٖ خَبِیْرٌۢ بَصِیْرٌ o**

**اللہ جل جالہ جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ کرتا ہے اور جس کیلئے چاہتا ہے رزق تنگ کر دیتا ہے ۔**

(25) شوریٰ (12) **لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○**

وہی آسمانوں اور زمین کی کنجیوں کا مالک ہے (یعنی جس کیلئے چاہے خزانے کھول دیتا ہے) وہ جس کیلئے چاہتا ہے رزق وعطا کشادہ فرمادیتا ہے اور (جس کیلئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے بیشک وہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔

(13) رعد (26) **اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ۭ ......**

اللہ جل جلالہ جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ فرمادیتا ہے۔.........

(20) عنکبوت (62) **اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَ يَقْدِرُ لَهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ○**

اللہ جل جلالہ اپنے بندوں میں سے جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ فرمادیتا ہے اور جس کیلئے (چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے، بیشک اللہ جل جلالہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔

(24) زمر (52) **............... اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ ۭ ..........**

اللہ جل جلالہ جس کیلئے چاہتا ہے رزق کشادہ فرمادیتا ہے اور (جس کیلئے چاہتا ہے) تنگ کر دیتا ہے .............

ان میں سے کسی ایک آئیت کا وظیفہ **101** بار روزانہ اول وآخر درود پاک کے ساتھ کریں۔ التجا اس طرح کریں (اے اللہ جل جلالہ میرے رزق کو کشادہ کرنا اور میرے رزق کو تنگ نہ کرنا۔

## انسان کا رویہ اللہ جل جلالہ کے ساتھ راحت اور تکلیف میں مختلف ہوتا ہے

(30) فجر (15) مگر انسان (ایسا ہے) کہ جب اس کا رب جل جلالہ اسے (راحت و آسائش دے کر) آزماتا ہے اور اسے عزت سے نوازتا ہے اور اسے نعمتیں بخشتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب جل جلالہ نے مجھ پر کرم فرمایا۔

(16) لیکن جب وہ اسے (تکلیف و مصیبت دے کر) آزماتا ہے اور اس پر اس کا رزق تنگ کرتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب جل جلالہ نے مجھے ذلیل کر دیا۔

**رزق کیلئے مزید آیات حسب ذیل ہیں ۔**

(2) بقرہ (212) **وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○**

اور اللہ جل جلالہ جسے چاہتا ہے بے حساب نوازتا ہے۔

(17) الحج (58) **.........وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○**

.........اور بیشک اللہ جل جلالہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

(18) مومنون (72) **...... فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○**

...... آپ کے رب جل جلالہ کا اجر (ہی بہت) بہتر ہے اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے

(18) نور (38) **.........وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○**

......... اور اللہ جل جلالہ جسے چاہتا ہے بے حساب نوازتا ہے۔

(27) زریٰت (58) **اِنَّ اللّٰهَ هُوَالرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ○**

بیشک اللہ ہی ہر ایک کا روزی رساں ہے۔ بڑی قوت والا ہے زبردست مظبوط ہے۔

(28) جمعہ (11) ............ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ٥

............ اور اللہ جل جلالہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

(25) شوریٰ (19) اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ج وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ٥ ع

اللہ جل جلالہ اپنے بندوں پر بڑا لطف و کرم فرمانے والا ہے جسے چاہتا ہے رزق و عطا سے نوازتا ہے اور وہ بڑی قوت والا بڑی عزت والا ہے۔

رزق دو قسم کا ہوتا ہے پہلا کہ کام کریں یا نہ کریں زندہ رہنے کیلئے ملتا رہے گا۔ دوسرا رزق وہ ہے جو محنت کرنے سے اور اللہ جل جلالہ کی منت و سماجت سے ملتا ہے آپ کشادگی رزق کیلئے مندرجہ بالا آیات میں سے دو یا تین آیات کا وظیفہ (ایک یا دو نمازوں کے بعد) 101 بار روزانہ اول و آخر تین مرتبہ درود پاک کے ساتھ کریں انشاء اللہ رزق میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔

## حاجت روائی کے مزید طریقے۔

3۔ حاجت روائی کیلئے:۔عشاء کی نماز کے بعد اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ يَا اَللّٰهُ يَا رَحِيْمُ — 101 بار روزانہ۔

(اے اللہ جل جلالہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

دن کے وقت یہی وظیفہ دل کے اندر بغیر زبان ہلائے جتنا ہو کر لیں۔ اگر کوئی آدمی اس وظیفہ کو نہیں چھوڑتا تو اس کے اندر مندرجہ ذیل طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ (i) جو مانگا دے دیا گیا (ii) جو بات دل میں آئی پوری کر دی گئی (iii) نہ مانگا نہ خیال کیا اور ہو گیا۔ اس کو کرامت کہتے ہیں۔

مُسلم شریف میں ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ جب بندہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ کہتا ہے تو اللہ جل جلالہ اس کے جواب میں فرماتا ہے اے بندے جو تم نے مانگا وہ دے دیا گیا۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ٥ کے ساتھ پڑھا ہوا وظیفہ سے یقیناً کامیابی ملتی ہے۔

سورۃ یٰسین روزانہ ایک بار اس طرح پڑھیں کہ ہر مُبین پر رُک کر سات بار **الحمد شریف** بمعہ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** پڑھیں۔ سورۃ یٰسین پڑھتے ہوئے مُبین سے پیچھے نہیں آنا آگے ہی پڑھنا ہے۔ اور یہ سورۃ یٰسین اس دن تک ایک بار پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

## 4۔ رزق کیلئے اسم الٰهی

رسول کریم ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اسم اعظم ہے۔ جو کوئی اللہ جل جلالہ سے اس نام پر مانگتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔

**مندرجہ ذیل دو وظائف علیحدہ علیحدہ نماز میں روزانہ 101 بار درود پاک اول و آخر 3 بار کے ساتھ پڑھیں۔ لیکن ایک وظیفہ اسم الٰهی کا پڑھنا ضروری ہے۔**

(1) يَا وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ يَا بَاسِطُ يَا كَبِيْرُ يَا وَاسِعُ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

**يَا وَهَّابُ** (اے بہت دینے والے) رزق کے دروازوں کا کھلنا۔ قبولیت دعا ہونا۔ سر سجدے میں رکھ کر مانگا جائے تو کاروبار میں وسعت اور کمائی میں برکت ہونا۔ مشکلات کا دور ہونا۔ فقر و فاقہ کا دور ہونا۔

**يَا رَزَّاقُ** (اے روزی پہنچانے والے) رزق اور کمائی میں برکت ہونا۔ غیب سے روزی ملنا۔ غربت مفلسی اور محتاجی سے بچنا۔ کاروباری معاملات کا احسن طریقے اور خواش اسلوبی سے چلنا۔ ملازمت میں ترقی ملنا۔ بند کاروبار کا دوبارہ جاری ہونا۔ (تین روزے رکھے جائیں اور لگاتار یارزاق کا ورد کیا جائے)۔

**یَا بَاسِطُ** (اے کشادگی پیدا کرنے والے) محتاجی دور ہونا۔ ضروریات پورا ہونا۔ رزق میں وسعت اور خیر و برکت کا ملنا۔ صحت و تندرستی ملنا۔

**یَا کَبِیْرُ** (اے سب سے بڑائی والے، اے انتہائی بزرگ) سدا عالی قدر، عزت والا ہونا۔ تنگی اور ذلت ختم ہونا۔ باوقار اور کامیاب زندگی گزرنا۔ ہر آفت و بلا سے دور رہنا۔ روزی کے نئے ذرائع کھلنا اور کاروبار میں برکت ہونا۔ منصب اور عہدے پر دوام ہونا۔ بیماری میں شفاء ہونا۔

**یَا وَاسِعُ** (اے بڑی ہی وسعت والے، بڑی ہی فراخ دلی والے) صبر قناعت اور مال و دولت کی نعمتوں سے فیض یاب ہونا۔ طبیعت میں بردباری اور قناعت کا ملنا۔ مشکلیں حل ہونا۔ کاروبار میں رزق و روزی میں اضافہ ہونا۔

**یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** (اے عظمت اور بزرگی والے، اے عطا اور کرم والے) دعاؤں کی قبولیت ہونا۔ مرادوں کا پورا ہونا۔ ہر کام میں کامیابی ملنا۔ ہر مشکل کا آسان ہونا۔

**(2) یَا فَتَّاحُ یَا وَالِیُ یَا مَالِكُ الْمُلْكِ۔ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام**

**یَا فَتَّاحُ** (اے کھولنے والے) دل کا نورِ ایمان سے منور ہونا۔ ہر کام میں آسانی پیدا ہونا۔ قسمت کا کھُل جانا۔ ذہانت میں اضافہ ہونا۔ دل کو سکون اور قرار ملنا۔ مقدمے سے نجات ملنا۔ برائیوں سے بچنا۔ خوشحالی اور کشائشِ رزق حاصل ہونا۔ (رُکی ہوئی شادی کیلئے اس کا وِرد بہت لاجواب ہے)

**یَا وَالِیُ** (اے کام بنانے والے، اے مالک، اے کارساز) دین اور دنیا کی مشکلات سے بچنا۔ رزق میں خیر و برکت ہونا۔ سیلاب سے بچنا۔ مال و متاع کی حفاظت ملنا۔ نفس کی حفاظت ہونا۔

**یَا مَالِكُ الْمُلْكِ** (اے ملک کے مالک، اے قادر مطلق) شرک سے پاک ہونا۔ کسی کا محتاج نہ ہونا۔ نحوست کا دور ہونا۔ نیکی اور بھلائی میں بڑھنا۔ مال و دولت اور عزت میں بے پناہ اضافہ ہونا۔ تونگری کا بے حساب ملنا۔

**یَا غَنِیُّ** (اے بے پرواہ، اے بے نیاز) اللہ جل جلالہ کا غنی اور بے نیاز کر دینا۔ دل سے لالچ اور طمع جاتا رہنا۔ مال و دولت میں بے پناہ اضافہ اور برکت کا ملنا۔ حرص و ہوا سے نکل کر آسودگی میں آنا۔ مصیبت میں گرفتار یا مرض میں مبتلا پر ورد **یَا غَنِیُّ** پڑھ کر دم کرنا۔

**یَا مُغْنِیُ** (اے بے پرواہ) متوازن مزاج، نرم دل ہونا۔ ظاہر و باطن کی دولت کا ملنا۔ مخلوق سے بے نیاز ہونا۔ مال و دولت کا حاصل ہونا اور کثرت ہونا۔ میاں بیوی کے تعلقات کا خوشگوار ہونا۔ مرضی کے مطابق شادی ہونا۔ بیٹیوں کا مناسب رشتہ نہ ہو رہا ہو تو مناسب رشتہ کا مل جانا۔

**یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** (اے عظمت اور بزرگی والے، اے عطا اور کرم والے) دعاؤں کی قبولیت ہونا۔ مرادوں کا پورا ہونا۔ ہر کام میں کامیابی ملنا۔ ہر مشکل کا آسان ہونا۔

دُمیری رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ جو شخص چاہے کہ

۱۔ صدق فی القول کی عادت پڑے تو وہ سورۃ القدر ہمیشہ پڑھتا ہی رہے۔

۲۔ اگر چاہے کہ رزق بارش کی طرح برسے تو سورۃ الفلق ہمیشہ پڑھتا ہی رہے۔

۳۔ اگر لوگوں کے شر سے محفوظ رہنا چاہتا ہے تو سورۃ الناس ہمیشہ پڑھا کرے۔

۴۔ اگر طلب خیر و رزق و برکت کا خواہاں ہو تو۔

**بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ المَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِیْنِ ، ھُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ ۰**


**التجا گو: رانا ذوالفقار علی** خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret) موبائل: 0300-9612209 0321-6147630

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ



**Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.**

*Printed By: Al-Syed & AS Printers* Tel: 052-4589888

**(Self Reiki)**

# روحانی اور جسمانی علاج

1 بار اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ 1 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

1 بار درود (ابراہیمی) 1 بار آیت الکرسی

اور آخری الفاظ (وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○) 7 بار 11 بار سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

1 بار الحمد شریف 11 بار کلمہ طیب

اپنے جسم پر اور پانی پر پھونک ماریں جسم کو اپنے ہاتھوں سے مساج کریں اور پانی پی لیں۔

## (Activation) ①

### اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ کی روشنیوں اور طاقت کو متحرک کرنا۔

دائیں ہاتھ کی انگلی سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر اور اسی طرح بائیں ہاتھ کی انگلی سے دائیں ہاتھ پر اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ لکھیں۔

اب اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ سینہ پر، ماتھے پر اور دماغ (یعنی تالو) پر انگلی سے لکھیں، مندرجہ ذیل عمل کرتے ہوئے اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ کے نور کا تصور ہر وقت رکھیں۔

### ہاتھوں کا رگڑنا

دونوں ہاتھوں کو ایسے سامنے ملا لیں، آپ کے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر اسم ”اللّٰہ“ جل جلالہ ہے ان دونوں ہاتھوں میں سے کسی ایک ہاتھ کو اپنی طرف پیچھے کریں پھر دوسرے ہاتھ کو دونوں ہاتھوں کو آگے پیچھے کرتے رہیں اور زبان سے ” اللّٰہ اللّٰہ“ ایک منٹ کیلئے آواز سے کہتے رہیں اور ایک منٹ کیلئے بغیر آواز کے ” اللّٰہ اللّٰہ“ کہیں، اسی طرح دونوں ہاتھوں کے درمیان رگڑ سے گرمی پیدا ہوتی رہے گی اور اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ کے نور کی مخفی حرارت، طاقت، لہریں اور سکون جسم کے ہر حصہ میں پہنچ جائے گی اور جسم کا حصہ بن جائے گی۔

### ہاتھوں سے تالی بجانا (دونوں ہاتھ آپس میں ملنے نہ پائیں)

ایک منٹ کیلئے ہاتھوں سے تالی بجاتے رہیں اور آواز سے ” اللّٰہ اللّٰہ“ (جل جلالہ) کہتے جائیں، جب ہاتھ ہر بار قریب آتے ہیں تو ہتھیلیوں کے درمیان اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ کا نور اور مخفی طاقتیں، لہریں اور سکون دونوں بازوؤں سے پورے جسم میں پہنچ جاتے ہیں اور جسم پور طرح سے اسم ” اللّٰہ “ جل جلالہ سے چارج ہو جاتا ہے۔ اپنے ہاتھوں پر پھونک ماریں اور پوری طرح مساج کریں۔

## ② روحانی طاقت کا حاصل کرنا (Attunement)

### ہوا سے دماغ اور دماغ سے سینہ کے اندر

اپنے سامنے کچھ فاصلہ پر ہوا میں اپنی شہادت کی انگلی سے اسم ” اللّٰہ “ (جل جلالہ) زبان سے ا،ل،ل،ہ، شد ربانی، الف کہتے ہوئے سات بار لکھیں، اب ہاتھ میں تسبیح اور اسم ” اللّٰہ “ (جل جلالہ) کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں دیکھتے ہوئے ہوا میں سے دماغ اور دماغ سے سینہ

میں اترتا ہوا دیکھیں اور آواز کے ساتھ " **اللہ** " جل جلالہ کہیں اس طرح ایک تسبیح آواز کے ساتھ اور ایک تسبیح بغیر آواز کے پوری کریں اب اسم " **اللہ** " جل جلالہ کا نور اور مخفی طاقتیں، لہریں اور سکون باہر سے جسم کے اندر آچکے ہیں۔

## دماغ سے سینہ تک

اسم " **اللہ** " جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن یا دونوں مکس کلر میں اپنے دماغ میں چمکتا ہوا دیکھیں اور اسے ہر بار دماغ سے سینے میں اترتا ہوا دیکھیں، آواز کے ساتھ آدھی تسبیح اس اسم " **اللہ** " (جل جلالہ) اور بغیر آواز کے آدھی تسبیح اسم " **اللہ** " جل جلالہ کی پوری کریں۔

## سینے کے اندر

اسم " **اللہ** " جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں اپنے سینے کے اندر دیکھیں اور ہر بار آواز کے ساتھ آدھی تسبیح اور بغیر آواز کے ساتھ آدھی تسبیح **اللہ اللہ** (جل جلالہ) کہتے ہوئے پوری کریں۔

# ③ مراقبہ اسم "اللہ" جل جلالہ (Meditation)

آہستہ آہستہ آنکھیں بند کریں اسم " **اللہ** " جل جلالہ کو سلور کلر یا گولڈن کلر یا دونوں مکس کلر میں چمکتا ہوا سینہ کے اندر دیکھیں اب آپ نے " **اللہ اللہ** " جل جلالہ نہیں کہنا دل خود " **اللہ اللہ** " جل جلالہ کہتا تو کہنے دیں، آیت اللّٰہ نور السمٰوات والارض **اللہ** جل جلالہ کا ہی نور آسمانوں اور زمین میں ہے کو سمجھتے ہوئے اللہ (جل جلالہ) کے نور میں ڈوبتے جائیں اور گہرے ہوتے جائیں کہ سینے کے اندر اسم " **اللہ** " جل جلالہ کی روشنیوں میں جسم ظاہری آہستہ آہستہ ڈوبتا جا رہا ہے اور یہ کیفیت اس طرح جاری رہے کہ پورا جسم اسم نور " **اللہ** " جل جلالہ میں بدل گیا اب آگے بڑھیں کہ آپ کے اردگرد صرف کائناتی روشنیاں ہیں نہ کوئی مکان ہے نہ کوئی اور چیز اور آپ کا پورا جسم جو کہ روشنیوں میں بدل چکا ہے وہ کائناتی روشنیوں میں داخل ہو گیا اور آپ کا کوئی وجود ہی باقی نہ رہا سوائے اللہ جل جلالہ کے نور کے، یہ کیفیت کم از کم **3-4** منٹ جاری رہے، اس کیفیت سے باہر آنے کیلئے آہستہ آہستہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ کہتے رہیں اور آنکھیں کھول دیں، یہ عمل جو کرتا رہے گا وہ مکمل طور پر روحانی اور جسمانی شفایافتہ ہو جائے گا۔

اگر کوئی دل کا مریض ہو تو روشنیوں کو سینہ سے دل کی طرف بڑھتا ہوا دیکھے کہ وہ ان روشنیوں سے ٹھیک ہو رہا ہے، اگر کھانسی کا مریض ہو تو روشنیوں کو سینہ سے پھیپھڑوں کے اندر بھرتا ہوا دیکھے، اگر شوگر کا مریض ہے تو روشنیوں کو پورے جسم اور جو کچھ جسم کے اندر ہے سب کو روشنیوں میں ڈوبتا ہوا اس طرح دیکھے کہ یہ مرض جسم سے نکل گیا، اگر مثانہ یا گردہ کی تکلیف ہے تو سینہ سے روشنیوں کو ان حصوں پر عمل انگیز ہوتا ہوا دیکھے اور اگر کوئی عورت بے اولاد ہے تو ان روشنیوں کو اپنے پیٹ میں داخل ہوتے ہوئے دیکھے اور اللہ جل جلالہ سے اولاد کی امید رکھتے ہوئے **یا اللہ، یا خالقُ، یا باریٔ، یا مصورُ** کہہ کر اپنے ہاں بچے کی صورت کو دیکھے اور اگر کوئی ذہنی مریض ہے تو دماغ کو مکمل طور پر سینہ سے نکلنے والی روشنیوں سے روشن گولہ کی صورت میں دیکھے اور اگر ہڈیوں کا مرض ہے، خاص کر **Back Bone** کو سینہ سے نکلنے والی روشنیوں کو ان ہڈیوں سے منور کرتا ہوا دیکھیں، جو انسان یہ مشق کر لیتا ہے تو اس میں سے برائیاں نکل جاتی ہیں، کوئی جادو ٹونہ، کالا علم اور جنات کا اثر نہیں رہتا اور اس پر نظر بد عمل نہیں کرتی۔ " **واللہ علم** "

---


**التجاگو: رانا ذوالفقار علی** (خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد)، ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)

**موبائل : 0300-9612209 ، 0321-6147630**

**ایڈریس:** رانا ہاؤس، رانا سٹریٹ، عقب **PSO** کشمیر روڈ پکا گڑھا سیالکوٹ



**AS Printers**
Tel: 052-4589888

# ادائیگی روحانی محفل

مسئلہ روزی کا ہو یا شادی کا یا کوئی اور کام سرانجام دینا ہو تو کم از کم 21 مرد یا 21 عورتیں یا دونوں مل کر اجتماعی طور پر ادائیگی روحانی محفل پڑھیں انشاء اللہ وہ کام ہو جائے گا۔قرب اللہ جل جلالہٗ اور قرب رسول ﷺ کیلئے جمعہ کے جمعہ اکیلے یہ محفل پڑھ لیا کریں قرب الٰہی اور قرب رسول ﷺ مل جائے گا

-1 ایک بار سورۃ یٰسین

جہاں سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ آئے اسے 11 بار سلامتی کے لئے

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ○ 7 بار حاجت روائی کے لیئے

فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ○ 3 بار دنیا سے واپسی پر رحم و کرم کے لیئے پڑھیں

-2 سورۃ فلق اور سورۃ والنّاس 15,15 بار

## اب سب مل کر ایک آواز میں پڑھیں

پناہ کے لئے :- سورۃ فلق اور سورۃ والنّاس 15,15 بار

حاجت روائی کے لیئے :- اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَااَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ
اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ○ یَا اَللّٰهُ یَا رَحِیْمُ 33 بار

مشکل کشائی کے لیئے :- فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ○ 41 بار

5 منٹ کے لئے یا اللہ (جل جلالہ) — "صل اللہ علیہ وسلم" 4 منٹ کے لئے اس محفل میں

4 منٹ کے لئے جالی روضہء رسول ﷺ کے سامنے

4 منٹ کے لئے قبر مبارک نبی کریم ﷺ کے سامنے

5 منٹ کے لیئے **یا نُور** یہ نبی کریم ﷺ کا نام گرامی ہے، یہ پڑھتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے چہرہ مبارک سے نکلنے والے نور کا تصور جاری رہنا چاہیئے۔اب اپنی اپنی دُعا مانگیں انشاء اللہ ہر دُعا اللہ کی رحمت سے قبول ہوگی۔

اب آب شفاء صفحہ نمبر 2 کے مطابق سب مل کر پڑھیں۔اور اب محفل ختم ہے۔

اپنے جسم کو مساج کریں۔اور اپنے اوپر تین پھونکیں ماریں۔تین پھونکیں کاروبار کے لئے۔ تین پھونکیں تعویز دھاگہ کالا علم ختم کرنے کے لئے اور تین پھونکیں گھر میں پڑی ہوئی کھانے پینے کی چیزیں دم کرنے کے لئے۔

اب اجتماعی دعا ہوگی، ایک دعا مانگے گا باقی سب آمین کہیں گے۔

# آبِ شفاء خیرَ و بَرَکت

(روزانہ صبح وشام)

ہر تکلیف، دکھ درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ،
بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

1- برتن میں پانی ڈالیں اور مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر اپنے جسم کو مساج کریں اور پانی پر پھونک ماریں۔ ضرورت کے مطابق پانی ڈالیں اور تین گھونٹ میں پانی پیئں اس پانی میں کوئی دوسرا پانی نہیں ڈالنا، بلکہ ختم ہونے پر نیا پانی تیار کریں۔

- 3 بار ✸ اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ○
- 3 بار ✸ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
- 3 بار ✸ درود پاک (ابراہیمی)
- 3 بار ✸ آیت الکرسی

ہر ایک میں سات بار وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

11 مرتبہ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○ تین مرتبہ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ، 3 مرتبہ الحمد شریف

**11 مرتبہ درُود و سلام اور برکت (لامحدود)**

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ دَائِماً اَبَداً ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درود و سلام برکت بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے۔
313 یا 101 دفعہ پڑھ کر ضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے۔ کیونکہ یہ درود و سلام اور برکت لامحدود ہے


التجا گو رانا ذوالفقار علی
خادم امام بری شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret)
Mob: 0321-6147630 - 0300-9612209

ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ، الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ، پکا گڑھا سیالکوٹ



Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.

*Composed By: Shakeeb Mir. Cell: 0092-52-333-8609103*

# شادی کیلئے

یہ ایک معاشرتی ضرورت ہے چاہے لڑکا ہو یا لڑکی یہ رسول کریم ﷺ کی سنت ہے یہ لڑکے لڑکی یا مرد عورت کے درمیان معاہدہ (Contract) ہے۔ نان ونفقہ مرد کے ذمہ ہے۔ نکاح کے وقت لڑکی طلاق دینے کا حق اپنے پاس رکھ سکتی ہے۔ شادی کوئی فلمی دنیا میں گزاری جانے والی زندگی نہیں ہے، شادی چاہے ماں باپ کی مرضی سے ہو یا لڑکی کی اپنی محبت کے نتیجہ میں اس کی حقیقت لڑکی کو گھر سے روانگی کے دوسرے دن ہی کھل جاتی ہے، شادی کھیل تماشہ نہیں ہے یہ ذمہ داریوں کا بندھن ہے۔ لڑکی اپنی ماں سے ہی پوچھ لے کہ اس کو اپنے سسرال میں اپنا مقام بنانے کیلئے کتنے سال لگے۔ آج کل موبائل کے غلط استعمال اور انڈیا پاکستان میں دکھائے جانے والے ڈراموں نے معاشرتی زندگی کو تباہ کر کے رکھ دیا ہے مندرجہ ذیل وظائف سے اللہ جل جلالہ کی مدد لی جائے۔

**1۔ اللہ جل جلالہ سے پناہ:۔** رب باری تعالیٰ نے قرآن کو سورۃ فلق اور سورۃ والناس میں ختم کیا ہے۔ رسول ﷺ کبھی بھی اللہ جل جلالہ سے پناہ لیئے بغیر کبھی نہیں سوئے۔ آپ ﷺ سورۃ اخلاص، سورۃ فلق اور سورۃ والناس پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر پھونک مارتے اور اپنے جسم مبارک کو جہاں جہاں آپ کے ہاتھ پہنچ سکتے تھے مساج کرتے، یہ عمل آپؐ رات کو سوتے وقت تین بار دہراتے، حقیقت یہ ہے کہ جس کو اللہ جل جلالہ کی پناہ مل گئی اس کے مسائل حل ہو گئے۔ روزانہ صبح کی نماز کے بعد کم از کم درود پاک اول و آخر تین بار 21 بار سورۃ فلق اور 21 بار سورۃ والناس کا وظیفہ کیا کریں زندگی کی تمام راہیں آسان ہو جائیں گی۔

## اب آب شفاء روزانہ صبح و شام پڑھا جائے

ہر تکلیف، دکھ، درد اور بیماری کیلئے، پناہ اللہ جل جلالہ، بخشش اور دعاؤں کی قبولیت کیلئے، ہر قسم کی کامیابی اور خاتمہ بالخیر کیلئے

3 بار ✹ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ 3 بار ✹ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

3 بار ✹ درود پاک (ابراہیمی) 3 بار ✹ آیت الکرسی۔

ہر ایک میں سات بار وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

11 بار ✹ سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ 3 بار ✹ ہر ایک قل

3 مرتبہ تیسرا کلمہ، 3 مرتبہ دوسرا کلمہ، 3 مرتبہ پہلا کلمہ 3 بار ✹ الحمد شریف

## 11 بار درُودوسلام اور برکت (لامحدود)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ دَائِمًا اَبَدًا ○

اے اللہ جل شانہ تو محمد ﷺ اور محمد ﷺ کی آل پر ہمیشہ کیلئے اتنی تعداد میں درودوسلام برکت بھیجتا رہ جتنا کہ تیرا علم ہے۔313 یا 101 دفعہ پڑھ کرضرور سوئیں یہ زندگی میں ایک دفعہ پڑھنا ہی کافی ہے۔ کیونکہ یہ درودوسلام اور برکت لامحدود ہے ۔

2۔ حاجت روائی کیلئے:۔عشاء کی نماز کے بعد

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ يَا اَللّٰهُ يَا رَحِيْمُ

101بار روزانہ۔

(اے اللہ جل جلالہ) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں۔

دن کے وقت یہی وظیفہ دل کے اندر بغیر زبان ہلائے جتنا کیا جاسکتا ہے کرلیں۔اگر کوئی آدمی اس وظیفہ کونہیں چھوڑتا تو اس کے اندر مندرجہ ذیل طاقت حاصل ہو جاتی ہے۔ (i) جو مانگا دے دیا گیا (ii) جو بات آئی پوری کردی گئی (iii) نہ مانگا نہ خیال کیا اور ہو گیا۔ اس کو کرامت کہتے ہیں۔

3۔ حاجت روائی کیلئے مزید طریقے:۔ (i)۔ کسی بھی وظیفہ کو آیت اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ کے ساتھ پڑھیں اگر کسی کا وظیفہ يَا سَمِيْعُ يَا كَرِيْمُ بنتا ہے تو وہ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ يَا سَمِيْعُ يَا كَرِيْمُ کا ورد کرے گا۔مُسلم شریف میں ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ تو اللہ جل جلالہ اس کے جواب میں فرماتا ہے اے بندے جو تم نے مانگا ہے وہ دے دیا گیا ہے۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ کے ساتھ پڑھا ہوا وظیفہ یقیناً کامیابی ہے۔

(ii) کسی بھی حاجت روائی کیلئے فرض نمازوں اور سنتوں کے درمیان 21 بار الحمد شریف پڑھیں۔

(iii) حاجت روائی کیلئے دو نفل اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ

نَسْتَعِيْنُ o آئے تو اسے اُدھر ہی 101 مرتبہ دہرائیں اور آگے اِهْدِ نَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ پڑھتے ہوئے الحمد شریف پوری کریں۔ اور حسب دستور پہلی رکعت پوری کریں۔ دوسری رکعت میں بھی یہی عمل دہرائیں، سب سے بہتر یہ ہے کہ الحمد شریف کے بعد قل شریف ہر دو رکعت میں تین تین بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھا جائے یہ نفل اس دن تک پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

(iv) سورۃ یٰسین روزانہ ایک بار اس طرح پڑھیں کہ ہر مُبِین پر رُک کر سات بار الحمد شریف بمعہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ سورۃ یٰسین پڑھتے ہوئے مُبِین سے پیچھے نہیں آنا آگے ہی پڑھنا ہے۔ اور یہ سورۃ یٰسین اس دن تک ایک بار پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

زندگی میں یہی دیکھا ہے کہ جس کسی نے بھی اللہ جل جلالہ کے ناموں کا ورد کیا تو اس کی تقدیر ہی بدل گئی۔ زانیوں کا زنا جاتا رہا، بدخلق خوش خلق ہو گئے، بے نمازی نمازی ہو گئے، حتیٰ کہ تہجد گزار بن گئے، قاتلوں نے اپنی زندگی کو بدل ہی لیا۔ التماس ہے کہ اللہ جل جلالہ کے ناموں کا وظیفہ اب ہی شروع کر لیں اور اللہ جل جلالہ سے اپنی تقدیروں کو بدلوالیں۔

4۔ رسول کریم ﷺ نے اس طرح فرمایا کہ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اسم اعظم ہے۔ جو کوئی اللہ جل جلالہ سے اس نام پر مانگتا ہے اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ اسم الٰہی سے شادی کیلئے مندرجہ ذیل اللہ جل جلالہ کے نام ہیں۔ يَا رَحْمٰنُ يَا فَتَّاح يَا سَمِيْعُ يَا لَطِيْفُ يَا وَاجِدُ يَا مُغْنِیُّ ان ناموں کو اسم اعظم يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ کے ساتھ ملا کر يَا رَحْمٰنُ يَا فَتَّاح يَا سَمِيْعُ يَا لَطِيْفُ يَا وَاجِدُ يَا مُغْنِیُّ يَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ روزانہ کسی ایک نماز کے ساتھ پڑھا جائے۔

يَارَحْمٰنُ (اے بڑے مہربان) اللہ جل جلالہ کی رحمتوں اور مہربانیوں سے مستفید ہونا۔ دنیا کی بلاؤں سے محفوظ ہونا۔ مناسب رشتہ کا مل جانا۔ ہر مرض اور عارضے سے نجات ملنا۔

**یَا فَتَّاحُ** (اے کھولنے والے) ہر کام میں آسانی پیدا ہونا۔قسمت کا کھُل جانا۔بگڑے کاموں کا بننا ۔دل کا نورِ ایمان سے منور ہونا۔ (رُکی ہوئی شادی کیلئے اس کا وِرد بہت لاجواب ہے)

**یَا سَمِیْعُ** (اے سننے والے) دعائیں قبول ہونا۔اللہ جل جلالہ کی حفاظت میں رہنا۔مشکلوں کا آسان ہونا۔شادی کا خواہش مند دعا کرے تو انشاءاللہ دُعا قبول ہوگی۔

**یَا لَطِیْفُ** (اے بڑے باریک بین،اے مہربان) دلی مراد کا پورا ہونا۔مشکلات میں آسانیاں پیدا ہونا ۔رزق وروزی میں اضافہ ومحتاجی سے چھٹکارا ملنا۔شادی کیلئے اس کا وظیفہ بے حد مجرب ہے۔2 نفل پڑھ کر ورد کریں اور دعا کا قبول ہونا۔

**یَا وَاجِدُ** (اے پانے والے،اے وجود دینے والے) صفائی قلب اور نورِ ایمان حاصل ہونا۔مقام معرفت حاصل ہونا۔صاحب عزت اور شرف بننا۔رُکی ہوئی شادی کا ہونا۔

**یَا مُغْنِیُّ** (اے بے پرواہ) متوازن مزاج،نرم دل ہونا۔ظاہر وباطن کی دولت کا ملنا۔مال ودولت کا حاصل ہونا اور کثرت ہونا۔ مرضی کے مطابق شادی ہونا۔بیٹیوں کا مناسب رشتہ نہ ہو رہا ہو تو مناسب رشتہ کا مل جانا۔

**یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** (اے عظمت اور بزرگی والے،اے عطا اور کرم والے) دعاؤں کی قبولیت ہونا۔مرادوں کا پورا ہونا۔ہر کام میں کامیابی ملنا۔ ہر مشکل کا آسان ہونا۔

لڑکی اپنے گھر سے شادی کے موقع پر **یَا رَءُوْفُ** کا وظیفہ دل کے اندر کرتے ہوئے نکلے اور نئے گھر میں یہی وظیفہ پڑھتے ہوئے داخل ہو،نا صرف وہ خاوند کی نظر میں صاحب عزت ہو جاتی ہے بلکہ سسرال میں بھی عزت پاتی ہے۔مرد ہو یا عورت جو روزانہ 500 بار یا 1100 بار **یَا رَءُوْفُ** کا وظیفہ کرتا ہے ان کو قُربِ الٰہی مل جاتا ہے۔

التجا گو: رانا ذوالفقار علی خادم امام برّی شاہ عبداللطیف سرکار (اسلام آباد) ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس (Ret) موبائل: 0300-9612209 0321-6147630
ایڈریس رہائش: برلاس سٹریٹ،الشفاء ہسپتال (بالمقابل جیون ہوٹل) کشمیر روڈ،پکا گڑھا سیالکوٹ

Please don't forget to visit Website: www.thenur.info to see other things.

Printed By: Al-Syed & AS Printers Tel: 052-4589888